امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز جمعرات 19 نومبر 2026 / 08 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 220

آزاد کشمیر کی ترقی کیلئے خزانے کے منہ کھول دیئے

وزیراعظم

100 روزہ ترقیاتی پلان کیلئے وسائل کی کوئی کمی نہیں ہوگی، وفاق آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ کھڑا ہے

کشمیر کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی، بھمبر میں دانش سکول اور مظفرآباد میں دانش یونیورسٹی کیمپس کا تحفہ

مظفرآباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی ترقی کے لیے جو وسائل چاہئیں حاضر ہیں۔ آزاد کشمیر کے 100 روزہ ترقیاتی پلان سے متعلق اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ یہاں ترقیاتی پلان پر عمل درآمد کے لیے وفاقی حکومت تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں کی قربانیاں بہت جلد رنگ لائیں گی اور وہ دن دور نہیں جب ان کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ وزیراعظم نے قائد مسلم لیگ (ن) کی

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

ہارون اختر سے ایشین پروڈکٹیوٹی آرگنائزیشن کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (سی ایم لنکس): وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ایشین پروڈ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیرصدارت کابینہ کمیٹی کا اجلاس

ملک بھر میں چینی کی مجموعی طلب اور رسد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو یہاں فاضل چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدار ت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں ملک بھر میں چینی کی مجموعی طلب اور رسد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اس سلسلے میں چینی کی موجودہ پیداوار، کھپت کے تخمینوں اور سپلائی چین کے انتظامات کا بھی

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کی سنگاپور کے وزیرخزانہ سے ملاقات

مالیاتی، تجارتی اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور

سنگاپور (یو این اے) وفاقی وزیرخزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان اور سنگاپور کے درمیان مالیاتی، تجارتی اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے کاروباری اداروں، بالخصوص ایس ایم ایز کے درمیان براہ راست روابط بڑھانے سے باہمی تجارتی مواقع سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے سنگاپور کے نائب وزیراعظم اور وزیر برائے توانائی، تجارت وصنعت گان کم یونگ سے سنگاپور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

سسٹم عوامی تائید کے بغیر سیٹ نہیں ہو سکتا

خواجہ آصف

حکمرانوں کی طاقت عوام کی امانت ہے کسی کی میراث نہیں، نفع آپ کا اور نقصان ن لیگ کا نہیں چلے گا

حکومت میں پارٹنر رہ کر لیکچر یا دھمکی دینے کا حق نہیں سیاستدانوں کا احتساب نئی بات نہیں، خواجہ محمد آصف کی بلاول پر تنقید

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری 2020 سے کاروبار حکومت میں پارٹنر ہیں، کیا آپ لیکچر یا دھمکی دینے کا حق رکھتے ہیں؟۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیر دفاع نے کہا کہ بلاول بھٹو آپ نے سسٹم ری سیٹ کی بات کی لیکن کوئی سسٹم اس وقت تک ری سیٹ نہیں ہوسکتا جب تک اسے عوامی تائید حاصل نہ ہو، اس ملک میں سیاست دانوں کا احتساب نہ تو کوئی نئی بات ہے اور نہ کوئی سیاستدان احتساب سے مبرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی پریس کانفرنس یقیناً بہت دھواں دار تھی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



مظفرآباد میں بڑی بیٹھک، کشمیر کی قیادت ایک میز پر، نواز شریف اور شہباز شریف نے آزاد کشمیر کی نئی حکومت کو کھلی حمایت کا اعلان کر دیا

خاتون رکن کے بارے ریمارکس پر اسمبلی میں ہنگامہ، وزیراعلیٰ کا سخت ردعمل

ہماری تربیت ایسی نہیں کہ کسی خاتون کے بارے میں ایسے ریمارکس دیں، کسی کی ذات اور خواتین کو نشانہ بنانا ہماری قبائلی و اخلاقی روایات کے منافی ہے

وہ اتنا بڑا سردار نہیں کہ میں اس سے خوفزدہ ہو جاؤں، ہم نے دہشت گرد تنظیموں کے سامنے بھی کھڑے ہو کر مقابلہ کیا ہے: سرفراز بگٹی

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران ایک رکن اسمبلی کی جانب سے خاتون رکن اسمبلی اور ان کی ذات کے حوالے سے دیے گئے ریمارکس پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اس معاملے پر متعلقہ رکن کے انٹرویو کا جواب دینا نہیں چاہتے، تاہم میری بہن اور خاتون رکن اسمبلی کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے، میں اس کی بھرپور مذمت کرتا ہوں۔ ہماری اسمبلی کی روایات کو بلڈوز کیا گیا ہے، ہماری تربیت ایسی نہیں کہ ہم کسی خاتون کے بارے میں اس قسم کے ریمارکس دیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایک ممبر کا انٹرویو سامنے آیا ہے، میں اس کا جواب دینا نہیں چاہتا، لیکن یہ

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بولان میں نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک دھماکا خیز مواد سے اڑا دیا

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع بولان میں لچی کے قریب نبی بخش کراس کے مقام پر نامعلوم افراد نے دھماکا خیز مواد سے ریلوے ٹریک کو دھماکے

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

اکتوبر کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی مہنگی ہونے کا امکان

صارفین پر 29 ارب 80 کروڑ کا اضافی بوجھ متوقع، 26 نومبر کو سماعت کی جائے گی

اسلام آباد (اے این این) ملک بھر کے بجلی صارفین کیلئے اکتوبر کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 2 روپے 88 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے بجلی کی قیمت

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اضافی چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چھوٹے درجے کے کاروباروں کو دستاویزی معیشت کا حصہ بنانا ناگزیر ہے، جام کمال

کاروباری ضوابط کو آسان بنانے اور غیر ضروری لائسنسنگ کی شرائط ختم کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں

ایس ایم ایز کو مالی وسائل تک آسان رسائی فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وفاقی وزیر تجارت

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے حبیب بینک لمیٹڈ کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد ناصر سلیم کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (ایس ایم ایز) کے لیے مالی معاونت، ڈیجیٹل بینکنگ، برآمدات کے فروغ اور تجارتی سہولتوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو ہونے والی ملاقات کے دوران وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو دستاویزی معیشت کا حصہ بنانا ناگزیر ہے جبکہ ایس ایم ایز کو مالی وسائل

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



سنگاپور: وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب سنگاپور کے نائب وزیراعظم مسٹر گان کم یونگ سے ملاقات کر رہے ہیں

خاتون رکنِ اسمبلی کیخلاف نازیبا الفاظ کے استعمال پر وزیرِ داخلہ کا اجلاس سے احتجاجی واک آؤٹ

اسپیکر کی ہدایت پر زمرک خان اچکزئی پر مشتمل کمیٹی وزیرِ داخلہ کو منانے روانہ، وزیرِ اعلیٰ میر سرفراز بگٹی ایوان میں موجود رہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران سابق صوبائی وزیر کی جانب سے ایک خاتون رکنِ اسمبلی کے خلاف مبینہ طور پر نازیبا الفاظ کے استعمال پر وزیرِ داخلہ بلوچستان نے شدید احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران اس معاملے پر ایوان میں تلخی پیدا ہوئی، جس کے بعد وزیرِ داخلہ نے خاتون رکنِ اسمبلی سے اظہارِ یکجہتی اور نازیبا الفاظ کے استعمال

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: بلوچستان اسمبلی میں نجی میڈیا کے داخلے پر پابندی کی تجویز

قومی اسمبلی کی طرز پر صرف پی ٹی وی کو کوریج کی اجازت دی جائے، صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی کی جانب سے ایوان کی کارروائی کی کوریج کے لیے نجی میڈیا پر پابندی عائد کرنے کی تجویز سامنے آئی ہے، جس پر وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صحافتی تنظیموں سے مشاورت کے لیے وقت مانگ لیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے سب سے پہلے کردگاپ میں میجر سمیت دو سیکیورٹی افسران کی شہادت پر گہرے دکھ اور دلی

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

عوام کو صاف ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، مصدق ملک

میتھین گیس کے اخراج پر قابو پانا موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ناگزیر ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد/اٹلیہ (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ میتھین گیس کے اخراج پر قابو پانا موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ناگزیر ہے، عوام کو صاف فضا اور صحت مند ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو میتھین گیس اخراج کے موضوع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت مند ماحول کی فراہمی ہماری ترجیح

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود کا اجلاس

بلوچستان نان فارمل ایجوکیشن بل "2026 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود نے بلوچستان نان فارمل ایجوکیشن بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے دور دراز، پسماندہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں تعلیم کے فروغ کے لیے غیر رسمی تعلیمی نظام متعارف کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مجوزہ قانون کے ذریعے بچوں، نوجوانوں اور تعلیم سے محروم افراد کو مفت تعلیم، فنی تربیت اور روزگار سے منسلک مہارتوں کے مواقع

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

سنگاپور: وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب سنگاپور کے نائب وزیراعظم مسٹر گان کم یونگ سے ملاقات کر رہے ہیں

ہم پاور شیئرنگ پر یقین نہیں رکھتے نہ ہی سسٹم کے بینیفیشری بنیں گے، سٹیر گوہر

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی بیگناہ جیل میں قید ہیں، سیاسی حریف بھی اعتراف کر چکے کہ بانی سیاسی قیدی ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

کہ سب نے تسلیم کر لیا پی ٹی آئی اس ملک کی سب سے بڑی سیاسی حقیقت ہے، تاہم معلوم نہیں بلاول بھٹو کے کیا مقاصد ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی بیگناہ جیل میں قید ہیں، سیاسی حریف بھی اعتراف کر چکے کہ بانی سیاسی قیدی ہیں، ہم پاور شیئرنگ پر یقین نہیں رکھتے اور نہ ہی سسٹم کے بینیفیشری بنیں گے۔ سلمان صفدر اور دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف کیسز بے بنیاد اور سیاسی

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعظم شہباز شریف اور نواز شریف سے صدر و وزیراعظم آزاد کشمیر کی ملاقات

مظفرآباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان اور وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار علی گیلانی نے ملاقات کی، جس میں آزاد کشمیر کے ترقیاتی امور اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی حکومت کی جانب سے آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں میں مکمل تعاون کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اس موقع پر ماضی میں آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کے لئے وفاقی حکومت کے کردار کا بھی ذکر کیا گیا۔ شرکا نے آزاد کشمیر کے عوام

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران کی جانب سے ڈرٹی بم حملے کا امریکا کو کوئی خطرہ نہیں، مارکو روبیو

امریکہ کسی منظم سائبر حملے کی زد میں نہیں، وزیر خارجہ کی گفتگو

واشنگٹن (اے این این) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ایران کے ڈرٹی بم حملے کی اطلاعات مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا کو فی الحال کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق اپنے بیان میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کا کہنا ہے کہ میڈیا کے بعض انٹیلی جنس ذرائع جھوٹے اور مجرم ہیں، کچھ ذرائع ایسی معلومات گھڑ کر صحافیوں کو دیتے ہیں جن تک ان کی رسائی ہی نہیں ہوتی، بعض افراد آدھی سچی معلومات غیر قانونی طور پر افشا بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی جانب سے واشنگٹن میں ڈرٹی بم حملے کی منصوبہ بندی کی کوئی مصدقہ انٹیلی جنس رپورٹ نہیں۔ مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ اگر ایسی کوئی مصدقہ انٹیلی جنس ہوتی تو وہ خفیہ معلومات کے زمرے میں آتی، حالیہ تکنیکی خرابیوں کو منظم سائبر حملہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ قبل ازیں امریکی انٹیلی جنس اداروں نے ایران پر واشنگٹن میں ڈرٹی بم حملے کی منصوبہ بندی کا الزام لگا دیا۔ سی این این کے مطابق امریکی حکام کا کہنا ہے ایران ٹرمپ انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں کو نشانہ بنانا

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلاول بھٹو جانتے ہیں صوبوں کی آڑ میں کھیل کھیلا جا رہا ہے، سعید غنی

سب ایک ہی موقف اختیار کر رہے ہیں کہ نئے صوبوں کی بات سے خون ریزی ہو جائے گی

کراچی (اے این این) صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری نے نئے صوبوں کے معاملے پر اپنی رائے کا کھل کر اظہار کیا، وہ جانتے ہیں کہ صوبوں کی آڑ میں کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ سب ایک ہی موقف اختیار کر رہے ہیں کہ نئے صوبوں کی بات سے خون ریزی ہو جائے گی، صوبے بنانے کا طریقہ آئین میں درج ہے، آئین کی اپنی مرضی سے تشریح نہیں کی جا سکتی، پیپلز پارٹی کا نئے انتظامی یونٹس سے متعلق موقف واضح ہے۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پنجاب، بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں نئے صوبے بنانے پر پیپلز پارٹی کو اعتراض نہیں، لیکن سندھ سے نفرت کرنے کا کسی کے پاس کوئی جواز نہیں، سندھ میں نئے صوبوں کی بات کی گئی تو ہمیں بھی اس پر بات کرنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج عام آدمی کی زندگی متاثر ہے اور بعض لوگ نئے صوبے بنانے کی بحث

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

متبادل ادویات کی تیاری اور فروخت کو قانونی ضوابط کے تحت لانے کا فیصلہ

وٹامنز، ملٹی وٹامنز، فوڈ سپلیمنٹس شعبہ بھی ریگولیٹری نظام میں شامل کر لیا گیا، میمورنڈم جاری

اسلام آباد (اے این این) متبادل ادویات کی تیاری اور فروخت کو قانونی ضوابط کے تحت لانے کا فیصلہ کیا۔ ڈریپ نے متبادل ادویات کیلئے باضابطہ قوانین اور کوالٹی کنٹرول پیرامیٹرز تیار کر لئے، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) نے میمورنڈم جاری کر دیا۔ وٹامنز، ملٹی وٹامنز، فوڈ سپلیمنٹس شعبہ بھی ریگولیٹری نظام میں شامل کر لیا گیا، میمورنڈم میں وٹامنز، ملٹی وٹامنز اور فوڈ سپلیمنٹس کی رجسٹریشن اور لائسنسنگ لازمی قرار دیا گیا، متبادل ادویات کے مینوفیکچرنگ لائسنس کیلئے 6 ماہ کی مہلت مقرر کی گئی، متبادل ادویات کی رجسٹریشن کیلئے 18 ماہ کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی۔ ہومیو پیتھک سمیت تمام روایتی ادویات کی تیاری، فروخت کیلئے قوانین پر عملدرآمد لازم قرار دیا گیا، پاکستان میں 600 مینوفیکچرنگ یونٹس متبادل ادویات تیار کر رہے ہیں، ملک میں ایک ہزار امپورٹرز متبادل ادویات درآمد کر رہے ہیں۔ متبادل ادویات کی تیاری اور فروخت کو قانونی ضوابط کے تحت لانے کا فیصلہ کیا۔ ڈریپ نے متبادل ادویات کیلئے باضابطہ

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

جنوبی ایشیا کی ترقی اور خوشحالی کیلئے باہمی تعاون کا فروغ ناگزیر ہے، اسحاق ڈار

بنگلہ دیش کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں، پاکستان بنگلہ دیشی طلبہ کو تعلیمی وظائف فراہم کر رہا ہے

خیالات اور سوچ کا تبادلہ دونوں ملکوں کیلئے سودمند ثابت ہوسکتا ہے، نائب وزیراعظم کا بنگلا دیش کے 35 سینئر سرکاری افسران کے وفد سے خطاب

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ جنوبی ایشیا کی ترقی اور خوشحالی کیلئے باہمی تعاون کا فروغ ناگزیر ہے، پاکستان بنگلا دیش سمیت تمام دوست ممالک کو اہمیت دیتا ہے اور باہمی احترام، اعتماد اور خیر سگالی کے جذبے کے تحت بنگلہ دیش کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ان خیالات

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: جمہوریہ رواندا کی ہائی کمشنر فاتو ہریمانا نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی

پیپلز پارٹی حکومت کی اتحادی ہے غلام تو نہیں، پلوشہ خان

وفاقی کابینہ ایک شتر بے مہار کابینہ ہے جس کا جو دل چاہتا ہے بیان دے دیتا ہے، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت کی اتحادی ہے غلام تو نہیں، غلام ایسے ہوتے ہیں کہ کسی بات پر اپنا نقطہ نظر پیش نہیں کر سکتے۔ ایک انٹرویو میں پلوشہ خان نے کہا کہ جب

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا بشریٰ کو جیل میں ہر قسم کی ممکنہ سہولیات دینے کا حکم

بشریٰ بی بی کے لئے اسپیشلسٹ ڈاکٹر چاہیے تو ڈاکٹر مہیا کیا جائے، عدالتی ریمارکس

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو جیل میں ہر قسم کی ممکنہ سہولیات دینے کا حکم دیدیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں گیس کی مین لائن متاثر، تین علاقوں میں سپلائی معطل

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں این ایچ اے کے سڑک کی تعمیر کے منصوبے کے دوران گیس کی 16 انچ قطر کی مرکزی پائپ لائن متاثر ہوگئی، جس کے باعث مستونگ، قلات اور ملحقہ علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل کر دی گئی۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق متاثرہ پائپ لائن کا جائزہ لینے کے لیے ٹیم روانہ کر دی گئی ہے، تاہم مرمتی کام سیکیورٹی کلیئرنس اور نقصان کا جائزہ مکمل ہونے کے بعد شروع کیا جائے گا۔ تفصیل کے مطابق سوئی سدرن گیس کمپنی کے ترجمان نے بتایا کہ کوئٹہ میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے سڑک کی تعمیر کے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران کے معاملے پر امریکہ بہت اچھا کر رہا ہے، ٹرمپ

واشنگٹن کو خطرہ ہوا تو ایران کو ایسے نتائج بھگتنا پڑیں گے جو تاریخ میں کسی ملک نے نہیں بھگتے ہوں گے

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ ایران کے حوالے سے بہت اچھا کام کر رہا ہے، انہوں نے ایک بار پھر دھمکی دی ہے کہ واشنگٹن کو خطرہ ہوا تو ایران کو ایسے نتائج بھگتنا پڑیں گے جو تاریخ میں کسی ملک نے نہیں بھگتے ہوں گے۔ قبل ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو ایک بار پھر سنگین نتائج کی دھمکی دی اور کہا واشنگٹن کو خطرہ ہوا تو ایران کو ایسے نتائج بھگتنا پڑیں گے جو تاریخ میں کسی ملک نے نہیں بھگتے ہوں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ امید ہے ایسا نہیں کیے ہوئے ہے۔ صدر ٹرمپ نے اس موقع پر یہ بھی اعلان کیا کہ امریکہ فلپائن کے ساتھ دفاعی تعاون کو مزید وسعت دے گا اور جوہری توانائی کے شعبے میں بھی ممکنہ طور پر بڑے اقدامات کیے جائیں گے۔ قبل ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو ایک بار پھر سنگین نتائج کی دھمکی دی اور کہا واشنگٹن کو خطرہ ہوا تو ایران کو ایسے نتائج بھگتنا پڑیں گے جو تاریخ میں کسی ملک نے نہیں بھگتے ہوں گے۔

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

موبائل ایپ سے قرضوں پر شرحِ منافع میں 67 فیصد کمی کر دی گئی

شرح منافع میں کمی قرض لینے والوں کو زیادہ لاگت اور قرضوں کے بوجھ سے بچانا ہے، ایس ای سی پی

کراچی (اے این این) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے موبائل ایپ سے قرضوں پر شرحِ منافع میں 67 فیصد کمی کر دی۔ اس حوالے سے ایس ای سی پی نے نیا سرکلر جاری کر دیا جس کے مطابق موبائل ایپ سے قرض پر سالانہ شرحِ منافع 90 فیصد مقرر کر دیا گیا، موبائل ایپس پر شرح منافع کی حد 274 فیصد سے کم کی گئی۔ سرکلر کے مطابق 10 ہزار روپے کے قرض پر یومیہ لاگت 24 روپے 66 پیسے ہوگی، تمام فیسیں اور چارجز بھی قرض کی مقررہ لاگت میں شامل ہوں گے۔ شرح منافع میں کمی قرض لینے والوں کو زیادہ لاگت اور قرضوں کے بوجھ سے بچانا ہے۔ اسی طرح، ڈیجیٹل ایپ سے قرض 50 ہزار روپے تک اور زیادہ سے زیادہ 90 دن کے لیے دیا جا سکے گا، قرض کی جلد ادائیگی پر صرف ان دنوں کی لاگت وصول ہوگی جن میں قرض صارف کے پاس رہا، مقررہ تاریخ کے بعد

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

بانی کی قانونی ٹیم میرٹ پر دلائل دینے کے بجائے مقدمے کو تاخیر کا شکار کرنے کے حربے استعمال کر رہی ہے، عدالتیں فیصلہ میرٹ کے مطابق کریں گی

بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق سیاست کی جا رہی ہے اور مختلف الزامات کے ذریعے عدالتی کارروائی پر اثرانداز ہونے کی کوشش کی جا رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں بانی پی ٹی آئی کی سزا اسلام آباد ہائیکورٹ سے بھی برقرار رہنے کے قوی امکانات ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم میرٹ پر دلائل دینے کے بجائے مقدمے کو تاخیر کا شکار کرنے کے حربے استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق سیاست کی جا رہی ہے اور مختلف الزامات کے ذریعے عدالتی کارروائی پر اثرانداز ہونے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ وکلا کو چاہیے کہ عدالت میں ٹھوس قانونی نکات اور شواہد کی بنیاد پر دلائل دیں، جتنے مرضی تاخیری حربے استعمال کئے جائیں، عدالتیں فیصلہ میرٹ کے مطابق کریں گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم میرٹ پر دلائل دینے کے بجائے مقدمے کو تاخیر کا شکار کرنے کے حربے

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے 12 ویں کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بقیہ

1

ٹیچنگ آرٹیکلز ٹیچنگ (اے پی او) کے بیٹن پھروں کے شعبے سے متعلق دو روزہ تربیتی ورکشاپ اور ڈیجیٹائزیشن، ویلیو ایڈیشن ٹیچنگ میں جدید ٹیکنالوجی کے زریعے پاکستان کی جیم سٹونز اینڈ جیولری انڈسٹری کو ترقی دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ملاقات بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) کوئٹہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، ڈائریکٹر جنرل برائے جیم سٹونز اور سری لنکا کے قیمتی پتھروں کے ایک ماہر شامل تھے۔ یہ ملاقات بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) کوئٹہ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد عالمگیر چوہدری اور جوائنٹ سیکرٹری فریحہ یونس ترکئی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بادین اختر خان نے کہا کہ پاکستان قدرتی وسائل اور قیمتی پتھروں سے مالا مال ملک ہے لیکن یہ وسائل بڑے پیمانے پر غیر ہنر مند طریقے سے نکالے جاتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی صحیح قدر نہیں ہو پاتی۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان وسائل کو جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ استعمال کیا جائے تو یہ ملک کی معیشت کو بدل سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے ہنر مند افراد کی تربیت اور جدید ٹیکنالوجی تک رسائی بہت ضروری ہے۔ ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کہا کہ یونیورسٹی اس سلسلے میں ایک تربیتی مرکز قائم کرنے کے لیے تیار ہے جہاں طلبہ کو عملی تربیت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کے ڈائریکٹر جنرل برائے جیم سٹونز اور سری لنکا کے قیمتی پتھروں کے ایک ماہر شامل تھے۔ یہ ملاقات بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) کوئٹہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر،

ٹیلی ویژن کی اہمیت کا عالمی دن 21 نومبر کو منایا جائے گا

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:- محمد عمر

اسلام آباد (اے این این) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ٹیلی ویژن کی اہمیت کا عالمی دن 21 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد لوگوں کی تعلیم و تربیت اور معلومات کے حصول کیلئے ٹیلی ویژن کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے اس دن کے حوالے سے مختلف الیکٹرانکس کمپنیوں کی جانب سے پروگرام ترتیب دیے جائیں گے جس میں لوگوں کو ٹیلی ویژن کی اہمیت وافادیت سے آگاہ کیا جائے گا۔ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام جنرل اسمبلی نے دسمبر 1996ء میں ایک قرارداد کی منظوری دی تھی جس کے مطابق فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں ہر سال 21 نومبر کو ٹیلی ویژن

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

حب، پولیس کی بروقت کارروائی، اندھے قتل اور ڈکیتی کا معمہ چار گھنٹوں میں حل، مرکزی ملزم گرفتار

گرفتار ملزم صابر مگسی نے اعترافِ جرم کرلیا، آلہ قتل 9 ایم ایم پسٹل برآمد، ساتھی کی تلاش جاری، پولیس حکام

حب (یو این اے) ڈسٹرکٹ پولیس حب نے جدید ٹیکنالوجی اور تفتیشی مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے اندھے قتل اور ڈکیتی کی واردات کا معمہ محض چار گھنٹوں میں حل کر کے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق میونسپل کارپوریشن حب کے ملازم نیک محمد کو ڈکیتی مزاحمت کے دوران فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا تھا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی حب پولیس نے فوری کارروائی شروع کی اور تفتیشی مہارت کے ذریعے مرکزی ملزم صابر مگسی کو حراست میں لے لیا۔ گرفتار ملزم نے دورانِ تفتیش قتل کا اعتراف کرلیا ہے، جس کی نشاندہی پر واردات میں استعمال ہونے والا 9 ایم ایم پسٹل بھی برآمد کر لیا گیا ہے جسے فرانزک معائنے کے لیے ایف ایس ایل (FSL) لیب روانہ کر دیا گیا ہے۔ مزید برآں، شناخت پریڈ کے دوران عینی شاہدین نے بھی گرفتار ملزم کو شناخت کر لیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واردات میں ملوث دوسرے مفرور ملزم کی گرفتاری سمیت مقتول کے چھینے گئے موبائل فون اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل کی برآمدگی کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، اور ملزمان کو قرار

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

حماد غزنوی پاکستان انفارمیشن کمیشن کے نئے انفارمیشن کمشنر تعینات، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف نے حماد غزنوی کو پاکستان انفارمیشن کمیشن کا انفارمیشن کمشنر مقرر کر دیا۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے تقرری کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تقرری ایم پی ون اسکیل میں 4 سال کی مدت کیلئے کی گئی ہے۔ تقرری کی 4 سالہ مدت کا اطلاق چارج سنبھالنے کی تاریخ سے ہوگا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے حماد غزنوی کو پاکستان انفارمیشن کمیشن کا انفارمیشن کمشنر مقرر کر دیا۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے تقرری کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تقرری ایم پی ون اسکیل میں 4 سال کی مدت

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

افغانستان، طالبان مخالفت میں دوگنا اضافہ، مسلح مزاحمت 28 صوبوں تک پھیل گئی

کابل (اے این این) افغانستان میں طالبان مخالف مسلح مزاحمت میں شدت آ گئی، رواں سال مسلح جھڑپوں اور حملوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں دوگنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ معروف امریکی ادارہ برائے تنازعات کے اعداد و شمار اے سی ایل ای ڈی کے مطابق رواں سال طالبان اور مسلح مخالف گروہوں کے درمیان جھڑپوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں دوگنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ گزشتہ سال 14 صوبوں تک محدود رہنے والے جھڑپوں کا سلسلہ رواں سال 28 صوبوں تک پھیل چکا ہے۔ اے سی ایل ای ڈی کے مطابق طالبان مخالف مسلح جھڑپوں میں افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ سرفہرست ہے، رواں سال ریکارڈ جھڑپوں میں 44 فیصد اسی گروہ سے منسوب ہوئیں۔ طالبان مخالف مسلح مزاحمت میں نئے گروہوں کا اضافہ ہوا ہے، شمالی علاقوں میں نیشنل ریزسٹنس اور افغانستان فریڈم فرنٹ نمایاں ہیں۔ اے سی ایل ای ڈی کے مطابق طالبان رجیم کے روایتی مرکز قندھار اور ہلمند میں بھی مزاحمتی گروہوں کی کارروائیاں سامنے آئیں۔ طالبان رجیم کے زیر تسلط بڑھتی عوامی بے چینی اور سیاسی و نسلی کشیدگی مسلح مزاحمتی تحریکوں کو مسلسل تقویت دے رہی ہے۔ مخالف گروہوں کی بڑھتی کارروائیوں نے طالبان کے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 میں اسٹال کا معائنہ کر رہے ہیں

بلاول بھٹو کی تقریر تضادات کا مجموعہ، شاید صدر بھی متفق نہ ہوں، حذیفہ رحمان

پیپلز پارٹی کی تین صوبوں میں حکومتیں یا شراکت داری موجود، لیکن مہنگائی پر قابو پانے کے لیے انہوں نے کیا اقدامات کیے ہیں؟

کہ پیپلز پارٹی کی تین صوبوں میں حکومتیں یا شراکت داری موجود ہے، لیکن مہنگائی پر قابو پانے کے لیے انہوں نے کیا اقدامات کیے ہیں؟، بیان

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم کے معاون خصوصی و رہنما مسلم لیگ ن کے رہنما حذیفہ رحمان نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کی تقریر تضادات کا مجموعہ ہے، شاید صدر مملکت آصف زرداری بھی شاید متفق نہ ہوں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے حالیہ بیان پر ردِعمل دیتے ہوئے حذیفہ رحمان نے کہا کہ بلاول بھٹو ایک طرف یہ کہتے ہیں کہ دھونس اور دھاندلی کے ذریعے آئینی ترمیم کرائی گئی اور 27 ویں آئینی ترمیم میں دباؤ ڈالا گیا، حالانکہ جس آئینی ترمیم کی وہ بات کر رہے ہیں، اسی کے نتیجے میں جوڈیشل کمیشن تشکیل پایا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کی تقریر میں شامل بہت سی باتیں کھلے تضادات پر مبنی ہیں۔ لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو کی بات میں وزن تب ہوتا جب وہ خود ان تمام اقدامات کے بینی فشری (فائدہ اٹھانے والے) نہ ہوتے۔ حذیفہ رحمان نے کہا کہ کراچی میں قومی اسمبلی کی 26 نشستیں ہیں اور پی ٹی آئی الزام لگاتی ہے کہ مبینہ دھاندلی کر کے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈپٹی کمشنر قلات کی زیر صدارت اجلاس، پولیو مہم کی کارکردگی کا جائزہ

بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے پولیو مہم کامیاب بنانا ضروری ہے، عائشہ زہری

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت پولیو پوسٹ کمپین SNID ریویو میٹنگ منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک، ڈی ایم پی پی ایچ آئی زین العابدین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی، تحصیلدار خالق آباد امجد علی سمیت محکمہ صحت کے افسران، ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ پولیو مہم کے دوران ٹیموں کی کارکردگی، درپیش مسائل، کم کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی یونین کونسلز (Performance Low UCs)، فنگر مارکنگ اور بچوں کی عدم دستیابی سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر کم کارکردگی کی وجوہات کا تعین کرتے ہوئے آئندہ پولیو مہم کو مزید مؤثر اور کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے، جس کے خاتمے کے لیے جدوجہد کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو مہم کو

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

بنوں میں نامعلوم افراد کے تشدد سے پولیس اہلکار جاں بحق، ملزمان فرار

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا کے ضلعبنوں میں نامعلوم افراد کے تشدد سے پولیس اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ پولیس حکام کے مطابق بنوں کے علاقے تا زیری چوک میں نامعلوم افراد نے ایک پولیس اہلکار پر تشدد کیا جس کے نتیجے میں اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے جن کی تلاش جاری ہے جب کہ اہلکار کی لاش کو قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق بنوں کے علاقے تا زیری چوک میں نامعلوم افراد نے ایک پولیس اہلکار پر تشدد کیا جس کے نتیجے میں اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے جن

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

سابق نگران وزیر اعظم غلام مصطفیٰ جتوئی کی 17 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

کراچی (اے این این) پاکستان کے سابق نگران وزیر اعظم غلام مصطفیٰ جتوئی کی 17 ویں برسی (کل) 20 نومبر کو منائی جائے گی۔ نیشنل پیپلز پارٹی کے سربراہ و معروف سیاستدان غلام مصطفیٰ جتوئی 14 اگست 1931ء کو سندھ کے ضلع نواب شاہ کے علاقہ نیوجتوئی میں پیدا ہوئے وہ 1973ء میں سندھ کے وزیر اعلیٰ رہے۔ انہوں نے جنوبی پنجاب کے علاقہ کوٹ ادو سے 1989ء قومی اسمبلی کا لیکشن لڑا اور کامیاب ہو کر متحدہ اپوزیشن کے منتخب لیڈر بنے۔ غلام مصطفیٰ جتوئی محترمہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت بدطرف ہونے پر ملک کے نگران وزیر اعظم بنے وہ طویل علالت کے بعد

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

لاہور ہائیکورٹ، فارن فنڈنگ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت ملتوی

لاہور (اے این این) لاہور ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی فارن فنڈنگ کیس سے متعلق 4 سال پرانی درخواست پر سماعت تین ہفتوں کیلئے ملتوی ہوگئی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کی، بانی پی ٹی آئی کے وکیل نے تیاری کے لیے مہلت کی استدعا کی تو عدالت نے مہلت دیتے ہوئے سماعت تین ہفتوں کے لئے ملتوی کردی۔ بانی پی ٹی آئی نے 5 نومبر 2022 کو درخواست دائر کی تھی جس میں فارن فنڈنگ سے متعلق الیف آئی اے کی انکوائری کو چیلنج کیا گیا ہے۔ ہائیکورٹ الیف آئی اے کو انکوائری سے تاحکم ثانی روک چکی ہے، درخواست میں وفاقی

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

اینکر ربیعہ احسن قتل کیس، ملزم شوہر جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل منتقل

راولپنڈی (اے این این) اینکر ربیعہ احسن کے پراسرار قتل کیس میں گرفتار شوہر احسن طاہر کو 9 روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں عدالت نے ملزم کو جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا۔ ملزم شوہر احسن طاہر کو سینئر سول جج نصر اللہ وٹو کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ دوران سماعت جج نے تفتیشی افسر سے استفسار کیا کہ تفتیش کہاں تک پہنچی ہے، جس پر تفتیشی افسر نے جواب دیا کہ تفتیش مکمل ہوگئی ہے۔ جج نے پوچھا کہ پولی گراف ٹیسٹ ہوگیا ہے؟ تفتیشی افسر نے بتایا کہ جی ہوگیا ہے۔ عدالت نے پولی گراف ٹیسٹ کے نتائج سے متعلق سوال کیا تو تفتیشی افسر سب انسپکٹر منتظر

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

آبنائے ہرمز میں اماراتی آئل کمپنی کے بحری جہاز پر حملہ، 11 کارکن زخمی، کارکن لاپتہ

تہران (اے این این) آبنائے ہرمز میں اماراتی آئل کمپنی کے بحری جہاز پر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں 11 کارکن زخمی ہوگئے جبکہ ایک کارکن لاپتہ ہے۔ اماراتی سرکاری نیوز ایجنسی کے مطابق اماراتی بحری جہاز کو گزشتہ شام نشانہ بنایا گیا، حملے کے بعد جہاز کے عملے کا ایک رکن تاحال لاپتہ ہے جس کی تلاش جاری ہے، حملے کے بعد جہاز کے دیگر تمام عملے کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق حملے میں بحری جہاز کے عملے کے 11 ارکان زخمی ہوئے، زخمی افراد کو ضروری طبی امداد دی جارہی ہے۔ عرب امارات نے بحری عملے کے تحفظ اور سمندری سلامتی پر زور دیا ہے۔ ارکان زخمی ہوئے، زخمی افراد کو ضروری طبی امداد دی جارہی ہے۔ عرب امارات نے بحری

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

روسی علاقے سائبیریا میں فوجی طیارہ گر کر تباہ، طیارے میں سوار تمام 19 افراد ہلاک

ماسکو (اے این این) روس کے خطے سائبیریا کے علاقے کیمیر وو میں ایک فوجی طیارہ گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجے میں طیارے میں سوار تمام 19 افراد ہلاک ہو گئے۔ روسی میڈیا کے مطابق طیارے کی شناخت An-12 کے طور پر کی گئی ہے جس میں 17 افراد سوار تھے۔ ایک عینی شاہد کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ طیارے میں آگ لگی ہوئی تھی جس کے بعد وہ تیزی سے نیچے آیا اور زمین سے ٹکراتے ہی دھماکے سے پھٹ گیا۔ کیمیر وو کے گورنر ایلیا سیریڈیوک نے سماجی رابطے کی ایپلیکیشن 'ٹیلی گرام' پر بتایا کہ ضلع یا گونو میں ایک فضائی حادثہ

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

ماہی گیری کا عالمی دن 21 نومبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ماہی گیری کا عالمی دن 21 نومبر کو منایا جائے گا۔ پاکستان کے ساحلی علاقوں میں سب سے قدیم پیشہ اور سب سے زیادہ افراد کے روزگار کا ذریعہ ماہی گیری ہی ہے۔ ساحلی کناروں پر بسنے والے لوگ عموماً ماہی گیری کے پیشے سے جڑے ہوتے ہیں۔ سمندر کی لہروں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مچھلیاں پکڑ کر لانے والے مچھیرے سمندر کی موجوں کے ساتھ دن، ہفتے اور مہینہ گزار دیتے ہیں لیکن بدلے میں چند سو روپوں کے علاوہ کچھ ہاتھ نہیں آتا، صرف کراچی کا ساحل یومیہ لاکھوں لوگوں کو روزگار دیتا ہے۔ یہاں سے پاکستان نہ صرف روزانہ لاکھوں ٹن مچھلیاں بیرون

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

میر رضا قتل کیس، جے آئی ٹی سربراہ عرفان بلوچ کی اہل خانہ سے ملاقات

کراچی (اے این این) کراچی میں نوجوان تاجر میر رضا کے قتل کیس کی تحقیقات میں اہم پیش رفت، جے آئی ٹی کے سربراہ ڈی آئی جی عرفان بلوچ میر رضا کے گھر پہنچے اور اہلخانہ سے ملاقات کر کے انہیں اب تک کی تفتیشی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی آئی جی عرفان بلوچ نے کہا کہ وہ میر رضا کے اہلخانہ سے ملاقات اور انہیں تحقیقات میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کرنے آئے تھے۔ کیس کی تفتیش تکنیکی بنیادوں پر کی جارہی ہے اور کوشش ہے کہ تحقیقات کے وہ تمام پہلو بھی دیکھے جائیں جو ابتدائی تفتیش کے دوران نظر انداز ہوگئے تھے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ابتدا میں

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایرانی وزیر خارجہ کی قطری نمائندوں سے ملاقات، خطے میں کشیدگی کم کرنے پر زور

عمان (اے این این) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عمان میں قطری نمائندوں سے ملاقات کی ہے، قطر کے وزیر اعظم کے مشیر کی سربراہی میں ایک قطری وفد عمان میں موجود ہے۔ ایران کے سرکاری خبر رساں ادارے ارنا نے ملاقات کی تفصیلات بیان کئے بغیر کہا کہ فریقین نے خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ ملاقات میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لئے قطر کے کردار کو جاری رکھنے پر زور دیا۔ عباس عراقچی اس سے قبل عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی سے بھی ملاقات کر چکے ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عمان میں قطری نمائندوں

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

لکی مروت، پولیس امن کمیٹی کے صدر کی گاڑی پر حملہ، 4 اہلکار زخمی

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مورت میں پولیس امن کمیٹی کے صدر کی گاڑی پر دہشتگردوں کے حملے میں 4 اہلکار زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق لکی مروت میں پولیس امن کمیٹی بیگوخیل کے صدر کی گاڑی پر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں 4 اہلکار زخمی ہوگئے۔ چاروں زخمیوں کو گورنمنٹ سٹی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی طرف پہنچ گئی اور سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق لکی مروت میں پولیس امن کمیٹی بیگوخیل کے صدر کی گاڑی پر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں 4 اہلکار زخمی ہوگئے۔ چاروں زخمیوں کو گورنمنٹ سٹی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی طرف پہنچ گئی اور سرچ آپریشن شروع کر

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

سعودی کابینہ نے خلیجی ممالک کے ہنگامی صحت منصوبے کی منظوری دیدی

غیر ملکی قانونی فرموں کو سعودی عرب میں کمپنیاں قائم کرنے کی اجازت

ریاض (اے این این) سعودی عرب نے خلیجی ممالک کے ہنگامی صحت منصوبے کی منظوری دیدی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی کابینہ کا اجلاس ولی عہد محمد بن سلمان کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں خلیجی ممالک کے ہنگامی صحت کے منصوبے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں غیر ملکی قانونی فرموں کو سعودی عرب میں کمپنیاں قائم کرنے کی اجازت بھی دی گئی۔ کابینہ نے سعودی معیشت کی مضبوطی اور لچک پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ان فیصلوں کو خلیجی ممالک کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون اور سعودی عرب میں قانونی خدمات کے شعبے کی ترقی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ سعودی عرب نے خلیجی ممالک کے ہنگامی صحت منصوبے کی منظوری دیدی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی کابینہ کا اجلاس ولی عہد محمد بن سلمان کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں خلیجی ممالک کے ہنگامی صحت کے منصوبے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں غیر ملکی قانونی فرموں کو سعودی عرب میں کمپنیاں قائم کرنے کی اجازت کی منظوری بھی دی گئی۔ کابینہ نے سعودی

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

صحبت پور، خود ساختہ مہنگائی اور تجاوزات کے خلاف انتظامیہ متحرک

زائد المیعاد اشیا، صفائی کے ناقص انتظامات اور ٹریفک کی روانی متاثر کرنے پر کارروائی کی گئی، دیدار گولو

صحبت پور (یو این اے) ضلعی ہیڈ کوارٹر صحبت پور میں خود ساختہ مہنگائی پر قابو پانے اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک ہوگئی ہے۔ نائب تحصیلدار صحبت پور دیدار گولو نے پٹواری عامر کریم اور میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں پر مشتمل ٹیم کے ہمراہ شہر کے مختلف بازاروں کا اچانک دورہ کیا۔ کارروائی کے دوران دودھ فروشوں، قصابوں اور پرچون کی دکانوں پر سرکاری نرخ ناموں کی خلاف ورزی، زائد المیعاد (ایکسپائر) اشیائے خوردونوش کی فروخت اور صفائی کے ناقص انتظامات پر متعدد دکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ اس موقع پر نائب تحصیلدار دیدار گولو نے مرکزی شاہراہوں اور بازاروں میں ٹریفک کی روانی کو متاثر کرنے والے ریڑھی بانوں اور تجاوزات قائم کرنے والوں کو سخت انتباہ جاری کرتے ہوئے فوری طور پر راستے کلیئر کرنے کی ہدایت کی، اور واضح کیا کہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے یہ مہم بلا امتیاز جاری رکھی جائے گی۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر صحبت پور میں خود ساختہ مہنگائی پر قابو پانے اور ٹریفک کی روانی کو

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سینیٹر سلیم مانڈی والا ملاقات کر رہے ہیں

بلاول نے سندھ کے عوام کے فیصلے کے برعکس اقدام کے نتائج پر بات کی ہے، شازیہ مری

سندھ اسمبلی کی قرارداد کے بعد نئے صوبے کی بات پر فل اسٹاپ لگ جانا چاہیے تھا، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے بلاول بھٹو زرداری کے بیان کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول نے سندھ کے عوام کے اس فیصلے کے برعکس اقدام کے نتائج پر بات کی ہے۔ ایک انٹرویو میں شازیہ مری نے کہا کہ سندھ اسمبلی کی قرارداد کے بعد نئے صوبے کی بات پر فل اسٹاپ لگ جانا چاہیے تھا، کیوں کہ سندھ اسمبلی متعدد بار کہہ چکی ہے کہ اسے سندھ میں تقسیم نہیں چاہیے، ایسے میں بلاول بھٹو نے سندھ کے عوام کے اس فیصلے کے برعکس اقدام کے نتائج پر بات کی ہے۔ شازیہ مری نے موجودہ ملکی صورت حال واضح کرتے ہوئے کہا کہ سسٹم کو لپس اور نئے صوبوں کی بات ہم نے نہیں کی ہے، یہ باتیں انھوں نے کی اور ہم نے تو صرف اس پر رائے دی، کیوں کہ صوبوں سے متعلق آئین میں طریقہ کار وضع ہے، یہی بات بلاول بھٹو نے کی۔ شازیہ مری نے کہا بلاول بھٹو نے سندھ اسمبلی کی قرارداد سے متعلق بات کی، اسمبلی نے متعدد بار اپنی رائے کا اظہار کیا اور کہا تقسیم نہیں چاہیے، کیا ہمیں اب اپنی رائے دینے کا بھی حق

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

برشور، ڈی سی کی زیر صدارت اجلاس غیر حاضر طبی عملے کی تنخواہیں بند کرنے کا فیصلہ

سرحدی علاقوں میں باقاعدگی سے عوام کو علاج معالجے کی تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ہدایت

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر برشور سید رضی ہریرہ، خزانہ آفیسر محمد عارف گجر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر عبدالرشید ناصر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (MS) برشور ڈاکٹر نسیم خان کاکڑ، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر (DSM) پی پی ایچ آئی عصمت اللہ ترین اور محکمہ صحت کے دیگر ضلعی آفسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایم، ایس برشور ڈاکٹر نسیم خان کاکڑ اور ڈی ایس ایم PPHI عصمت اللہ ترین نے ہسپتالوں اور بنیادی مراکزِ صحت (BHUs) کی کارکردگی، طبی عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے بعد ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے حکام کو سختی سے ہدایت کی کہ ضلع برشور کے دور افتادہ اور سرحدی علاقوں میں باقاعدگی سے عوام کو علاج معالجے کی تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، انہوں نے مراکزِ صحت میں ڈاکٹروں و عملے کی سو فیصد حاضری، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی پر زور

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

گنداخہ، ڈی ای او اوستہ محمد کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حق باہو کا دورہ

اساتذہ کو طلبا کی ریڈنگ کی مہارت بہتر بنانے اور ہیڈ ماسٹر کو فوری صفائی یقینی بنانے کی ہدایت، شبیر احمد لانگو

گنداخہ (یو این اے) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اوستا محمد شبیر احمد لانگو نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حق باہو کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف کلاس رومز میں تدریسی عمل، نصاب کی تکمیل اور طلبا کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران طلبا سے مختلف اسباق کی ریڈنگ بھی کروائی گئی، تاہم مطالعے اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کی صلاحیت انتہائی کمزور پائی گئی، جس پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ طلبا کی بنیادی تعلیمی استعداد بالخصوص ریڈنگ کی مہارت بہتر بنانے کے لیے خصوصی توجہ دی جائے اور مثر تدریسی حکمتِ عملی اپناتے ہوئے بچوں کی تعلیمی کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، دورے کے دوران اسکول کے احاطے، کلاس رومز اور دیگر حصوں میں صفائی ستھرائی کی صورتحال بھی غیر تسلی بخش پائی گئی۔ اس موقع پر طلبا کی جانب سے تیار کردہ مختلف تعلیمی ماڈلز بھی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو پیش کیے گئے، جن کا انہوں نے مشاہدہ کیا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شبیر احمد لانگو نے اسکول میں صفائی کے ناقص انتظامات پر ہیڈ ماسٹر کو تاکید کی کہ صفائی ستھرائی کے نظام کو فوری

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

میر طارق محمود کھیتران نے ڈپٹی کمشنر کو عوامی مشکلات سے آگاہ کر دیا

عوامی شکایات کے ازالے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں، میر طارق محمود کھیتران

کوئٹہ (اے این این) معروف سماجی وقبائلی شخصیت میر طارق محمود کھیتران نے ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید رحمٰن کاکڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں ضلع بھر کے عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے، جس کے خاتمے کے لیے جدوجہد کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو مہم کو پرزور دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے میر طارق محمود کھیتران نے کہا کہ پسماندہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کا خاتمہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے خصوصی توجہ دے اور عملی اقدامات کو یقینی بنائے۔ ملاقات میں اس امید کا اظہار کیا گیا کہ ڈپٹی کمشنر سعید رحمٰن کاکڑ عوامی مشکلات کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو فوری ہدایات جاری کریں گے تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے 12 ویں کانووکیشن میں فارغ التحصیل گریجویٹس میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

برشور میں دینی مدارس کی رجسٹریشن کا عمل تیز

غیر رجسٹرڈ مدارس کو قانونی طریقہ کار کے تحت رجسٹر کیا جا رہا ہے، اسسٹنٹ کمشنر

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر کے دینی مدارس کی رجسٹریشن کا عمل تیز کر دیا گیا ہے، اس سلسلے میں مقامی علما کرام اور مہتممین مدارس کے ایک نمائندہ وفد نے اسسٹنٹ کمشنر برشور سید رضی ہریرہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سید رضی ہریرہ نے وفد کو بتایا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق اور ڈپٹی کمشنر کے احکامات کی روشنی میں تمام غیر رجسٹرڈ مدارس کو مروجہ قوانین اور بلوچستان چیریٹیز اتھارٹی کے طریقہ کار کے تحت رجسٹر کیا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن کا مقصد مدارس کو قانونی تحفظ اور سرکاری سہولیات فراہم کرنا ہے، جس کے لیے ضلعی انتظامیہ دستاویزات کی جانچ پڑتال سمیت تمام مراحل میں ہر ممکن تعاون ک

روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
ETLA-E-AAM
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2453865 ، 081-2820055
کمپلینٹ سیکشن: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

خیبر پختونخوا (کے پی) میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 160 ارب روپے فراہم

وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا (کے پی) میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 160 ارب روپے فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے وسائل کا ایک ایک پیسہ اُن کی ترقی اور خوشحالی پر خرچ کیا جائے گا۔

گورنر ہاؤس پشاور میں ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور عسکری قیادت مل کر مسائل حل کرے گی، اُمن اور ترقی کا دور واپس لا کر صوبے کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ کے پی کو جتنا چھوڑ کر خاموش تماشائی نہیں بن سکتے، مجبوری میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، اب وقت آ گیا ہے کہ دہشت گردی کی ناسور کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کے لئے آخری اور فیصلہ کُن کوشش کی جائے ناکامی کا کوئی آپشن نہیں ہے۔ وزیراعظم نے قبائلی اضلاع کے نمائندوں پر مشتمل ترقیاتی کونسل کے ارکان سے بھی ملاقات کی۔ دونوں اجلاسوں میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے علاوہ وفاقی وزراء ، کور کمانڈر پشاور اور دیگر اعلیٰ سول و عسکری حکام نے شرکت کی۔ پاکستان میں اندرونی و بیرونی سلامتی کے چیلنجز سنگین شکل اختیار کر چکے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ سیاسی عدم استحکام اور کمزور معاشی حالات نے ملکی ترقی کی رفتار کو سُست کر رکھا ہے۔ اِن حالات میں وزیراعظم کے زیرصدارت پشاور کے گورنر ہاؤس میں منعقد ہونے والا ایپکس کمیٹی کا اجلاس اور اِس میں کیے گئے اہم فیصلوں کے ملک پر گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں بدامنی، آئینی اور انتظامی بحران کی شدت کے مدِنظر حالات کو معمول پر لانے، سیاسی کشیدگی کو کم کرنے اور ترقیاتی عمل کے دوبارہ آغاز کی کوشش کا کامیاب ہونا انتہائی ضروری ہے۔ تقریباً ایک سال سے وفاق اور خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کے درمیان رابطوں کی شدید کمی محسوس کی جا رہی تھی، اِس نے نہ صرف صوبے کے انتظامی ڈھانچے کو مفلوج کر دیا تھا بلکہ اس کا براہِ راست اثر اَمن و امان کی مجموعی صورتحال اور ترقیاتی کاموں پر بھی پڑ رہا تھا۔ کم و بیش دو ہفتے قبل وزیراعظم کو خیبر پختونخوا پولیس اور حساس اداروں کی دو خصوصی سیکیورٹی رپورٹس پیش کی گئیں جن میں انکشاف کیا گیا تھا کہ کے پی میں حالیہ دو برس کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں 195 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ میں دی گئی تفصیلات کے مطابق 2026ء ؁ میں ہونے والے دہشت گرد حملوں میں 73 فیصد کا نشانہ پولیس اور سیکیورٹی ادارے بنے۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کی طرف سے ڈرون کے استعمال میں تشویشناک اضافہ ہوا، 2024ء ؁ میں پولیس اور سیکیورٹی اداروں پر کوئی ڈرون حملہ رپورٹ نہیں ہوا تھا جبکہ 2026ء ؁ میں اِن حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی یوں ایک سال میں ڈرون حملوں میں تقریباً 107 فیصد اضافہ ہوا۔ صوبے میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافے کی وجوہات میں دہشت گرد ڈیٹ ورکس، سہولت کاری اور غیر قانونی سرگرمیاں قرار دی گئی تھیں۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر اور مقامی سہولت کاروں کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومت کی دہشت گردوں کے لئے نرم گوشے کی ناقص پالیسی اور موثر انسدادِ دہشت گردی اقدامات میں کمی کے باعث دہشت گرد عناصر کو جگہ بنانے کا موقع ملا۔ اِنہی بنیادوں پر صوبائی اور وفاقی حکومت کے درمیان اختلافات بڑھتے چلے گئے، صوبائی حکومت وفاق کی دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی سے اختلاف رکھتی تھی اور اِس کی بات ماننے کو تیار نہیں تھی۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان تعطل اور کھٹ پٹ سے نظام کو شدید نقصان پہنچتا ہے کیونکہ ریاستی مشینری جمود کا شکار ہو کر رہ جاتی ہے۔ جمہوریت میں آئینی اداروں اور حکومتی سطحوں کے درمیان ہم آہنگی کے بغیر قانون کی بالادستی قائم کی جا سکتی ہے اور نہ ہی عوامی فلاح کے مقاصد حاصل کیے جا سکتے ہیں، وسائل ہوں تو بھی خاطر خواہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے چند روز قبل بھی یہی بات کی تھی کہ 2010ء ؁ کے قومی مالیاتی ایوارڈ (این ایف سی) کے بعد سے کے پی کو انسدادِ دہشت گردی کے لئے 800 ارب روپے کے بھاری فنڈ فراہم کیے گئے لیکن اس کے باوجود انسدادِ دہشت گردی کے لئے مطلوبہ ضروریات کو عملی جامہ نہیں پہنچایا جا سکا تاہم اب جبکہ وفاقی حکومت اور عسکری قیادت نے خیبر پختونخوا کی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں لے لی ہے تو اُس پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے وعدوں اور دعوں کو محض لفظی بیانات تک محدود نہ رکھے بلکہ اِن پر عملدرآمد بھی یقینی بنائے، اب مزید کسی غلطی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ کچھ عرصہ قبل تک وفاقی حکام کے لئے کے پی ایک طرح کا نوگو ایریا بنا ہوا تھا تاہم اب وزیراعظم نے اپنی کابینہ کے اہم وزراء ، اور عسکری قیادت کے ہمراہ پشاور میں نہ صرف ایپکس کمیٹی کی صدارت کی بلکہ قبائلی اضلاع کے نمائندوں پر مشتمل ترقیاتی کونسل کے اراکین سے بھی ملاقات کی۔ وفاق نے کے پی کی ترقی سے متعلق نائب وزیراعظم کی سربراہی میں ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی بنا دی۔ اُمید کی جانی چاہئے کہ اہل سیاست ایک دوسرے کی بات سنیں اور سمجھیں گے، مل جل کر کام کریں گے اور صوبے کے مسائل حل کرنے میں موثر کردار ادا کریں گے۔ بات چیت کا راستہ کسی صورت بند نہیں ہونا چاہئے۔ اختلافِ رائے اپنی جگہ لیکن اِس کا مطلب ہر گز نہیں ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود کو نظر انداز کر دیا جائے۔

ملتان میں لاہور جیسی ترقی، مریم نواز کا کریڈٹ

میں وہ ملتانی ہوں جو اب سیاسی وابستگیوں سے بے نیاز ہو کر یہ خواہش رکھتا ہے کہ لاہور جیسی خوبصورتی ملتان کو بھی ملے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں ملتان کی جم پل ہوں۔ یہیں پیدا ہوا، تعلیم

نسیم شاہد

حاصل کی، سرکاری ملازمت کی اور ریٹائر ہوا، اب اس شہر میں بسیرا ہے۔ ایک بار امریکہ سے ایک سکالر ہائی ایڈورڈز ملتان آئی اور کسی ذریعے سے اس نے مجھ تک رسائی حاصل کی تاکہ میں اسے ملتان اور گردونواح میں اسلامی آرکیٹکچر کے آثار دکھاؤں۔ میں نے کئی دن اُسے ملتان سے لے کر آچ شریف تک آثار دکھائے۔ جب وہ جانے لگی تو اس نے پوچھا تم کہاں کہاں رہے ہو۔ میں نے اسے بتایا میں ملتان میں پیدا ہوا اور ملتان ہی میں ملازمت کر رہا ہوں تو اس کے منہ سے بے ساختہ یہ جملہ نکلا Nasim of man luckiest are You World the (نسیم تم دنیا کے خوش قسمت ترین انسان ہو) اس کی وضاحت اس نے یوں کی کہ تمہاری زندگی میں بے یقینی نہیں، تمہیں پتہ ہے کہ تم نے صبح اُٹھنا ہے تو اس شہر میں رہنا ہے، اسی میں کام کرنا ہے۔ پھر اس نے کہا جو لوگ کرائے کے مکانوں میں رہتے ہیں ان کی زندگی میں یقین بہت کم ہوتا ہے۔ وہ چلی گئی مگر اس کی یہ بات مجھے یاد رہ گئی۔ بہت سے لوگ ہوتے ہیں جو اپنے شہر کی روح کو اپنے اندر سمیٹ لیتے ہیں، ایسے لاہور میں بھی پائے جاتے ہیں، کراچی میں بھی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، راولپنڈی، کوئٹہ، پشاور، اسلام آباد غرض بہت سے، انہی کو مٹی کے بیٹے کہا جاتا ہے اس پس منظر میں جب میں ملتان کے حوالے سے سوچتا ہوں، سچی بات ہے اس میں خودغرضی ضرور ہوتی ہے، ویسے تو خواہش یہی رہتی ہے کہ پورا پاکستان ترقی کرے، پورے پنجاب میں لاہور جیسی ترقی ہو، تاہم ملتان کو ترقی یافتہ دیکھنے کی خواہش سب پر بھاری رہتی ہے ابھی چند روز پہلے ملتان میں قلعہ کہنہ قاسم باغ پر جو ملتان کی شناخت ہے، والڈسٹی اتھارٹی کے تعاون سے قلعہ پر واقع قدیمی لائبریری کو جدید شکل میں ڈھالنے اور اس کے ساتھ ایک بڑا کیفے بنانے کی تقریب ملتان ہیری ٹج کیفے اور لائبریری کے نام سے منعقد ہوئی تو ڈی جی والڈسٹی اتھارٹی پنجاب نجم الثاقب نے بتایا ابتداء ؁ میں قلعہ کے تہذیبی و تاریخی آثار کو بحال کرنے اور نئی شکل دینے کیلئے پنجاب حکومت نے تین ارب روپے دیئے تھے تاہم کشمر ملتان نے جب اس حوالے سے کچھ نئے منصوبے پیش کئے تو وزیراعلیٰ مریم نواز نے انہیں پسند کیا اور یہ منصوبہ پانچ ارب تک چلا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کا کہنا ہے ملتان کو ترقی یافتہ شہر بنانے اور اس کے تاریخی ورثے کی بحالی کے لئے بہتر سے بہتر منصوبہ بندی کی جائے۔ فنڈز کے معاملے میں پنجاب حکومت کوئی کمی نہیں آنے دی گی۔ جب میں نے ڈی جی والڈسٹی پنجاب نجم الثاقب کی یہ بات سنی تو میں نے بے ساختہ تالیاں بجائیں، کیونکہ ایک عرصہ بلکہ دہائیاں ہوگئیں یہ سنتے کہ ملتان کے لئے فنڈز نہیں ملتے۔ کئی منصوبے ملتے ہیں تو تکمیل بلکہ آغاز سے پہلے ان کے فنڈز ڈلا ہوا نظر آتا ہے۔ کئی منصوبے ملتے ہیں مگر وزیراعلیٰ مریم نواز کو دیئے جاتے ہیں مگر وزیراعلیٰ مریم نواز نے اس یہ کریڈٹ ملنا چاہیے کہ انہوں نے اس روایت کو توڑا، آج ملتان میں بہت سے ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جو کئی دہائیوں سے یہاں کے عوام کی محرومیوں کا باعث بنے ہوئے تھے۔ ملتان کی خوش قسمتی یہ بھی ہے کہ اسے ایک اچھا ایڈمنسٹریٹر کمشنر عامر کریم خان کی شکل میں مل گیا۔ حکومتیں بلاوجہ تو فنڈز نہیں دیتیں، تاوقتیکہ منصوبے اور تجاویز نہ پیش کی جائیں۔ ملتان میں شہباز شریف نے دو بڑے منصوبے دیئے تھے، جب وہ پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے۔ ایک میٹرو بس سروس اور دوسرا فلائی اوور، اس کے بعد سید یوسف رضا گیلانی نے کیچٹ کا فلائی اوور دیا، ملتان کو انٹرنیشنل ایئرپورٹ دینے کی بنیاد رکھی۔ تاہم ملتان کا دیرینہ مسئلہ پرانے سیوریج سسٹم کا تھا جس کی وجہ سے شہر ہلکی سی بارش سے بھی ڈوب جاتا اور ویسے بھی جگہ جگہ کراؤن فیلیئر ہوتے جس سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا۔ ملتان کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لئے بھی فنڈز نہیں ملتے تھے جس کے باعث ملتان کی شکل گرد گرد، گداگورستان کا منظر پیش کرتی رہی۔ ملتان کی شکل بدلنے کا کریڈٹ موجودہ پنجاب حکومت کو جاتا ہے اور اس کے لئے محرک کمشنر عامر کریم خان جتے ہیں جنہوں نے چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو ایسے منصوبے پیش کئے جن سے ملتان کی پسماندگی کو ترقی میں بدلا جا سکتا تھا۔ ظاہر ہے بڑے منصوبوں کے لئے بجٹ بھی زیادہ چاہیے ہوتا ہے اور ماضی میں اکثر وہی ہوتا رہا کہ منصوبے وقت کی گرد میں دبتے رہے کیونکہ فنڈز ہی دستیاب نہیں ہوتے تھے، جبکہ بیوروکریسی کی اس پالیسی کی وجہ سے جنوبی پنجاب میں احساس محرومی کا تاثر برقرار رہتا تھا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے اس تسلسل کو توڑا۔ یہ کریڈٹ انہیں ملنا چاہیے۔ انہوں نے اچھے منصوبوں کے لئے فنڈز کی کبھی آڑے نہیں آنے دی۔ کمشنر متعدد بار بتا چکے ہیں کہ کسی بھی عوامی ضرورت اور شہر کی ترقی کے منصوبے کو وزیراعلیٰ نے کبھی رد نہیں کیا جس کا نتیجہ یہ ہے برسوں سے تعطل کا شکار ملتان وہاڑی روڈ مکمل ہو چکی ہے، اس سڑک کی حالت اس قدر خراب تھی کہ لوگ چھوٹی موٹی روڈ کا طویل راستہ اختیار کرتے تھے، اس طرح ملتان تا بہاولپور روڈ کا منصوبہ بھی شروع ہو چکا ہے دو دہائیوں سے حکومتیں اس کے لئے فنڈز مختص نہیں کرتی تھیں۔ خود ملتان شہر کے اندر آنے والی تبدیلیاں بھی خوش آئند ہیں اگرچہ ابھی بہت سے علاقے ایسے ہیں جہاں پسماندگی اپنے عروج پر ہے۔ خاص طور پر اندرون شہر کے علاقے، تاہم حسین آگاہی روڈ کو نئی شکل دے دی گئی ہے جو شہر کا اہم بازار ہے۔ ابھی بڑا المیہ سڑک بنانا ہے، کیونکہ لاہور کی ترقی ایک دن میں نہیں ہوئی تاہم اتنا ضرور ہے کہ اب وہ جمود توڑ گیا ہے جو برسہا برس سے سامنے کی حقیقت نظر آتا تھا۔ اسے ہم پانچ ہزار سال پرانا شہر تو کہتے ہیں، لیکن اس کا مقدر یہ تو نہیں ہونا چاہیے کہ ملتان پانچ ہزار سال پرانا ہی نظر آئے۔ ملتان میں ہر فیڈر روڈ اور ملتان ایونیو جیسے منصوبے شہر کو ترقی یافتہ شکل دینے کا باعث بن رہے ہیں۔ ملتان کو فنڈز ملے ہیں تو تبدیلی بھی آرہی ہے۔ اصل چیز وہ خیال ہے جو ترقی کے حوالے سے ہر شہر کے نمائندوں اور افسروں کی طرف سے حکومت کے سامنے آنا چاہیے۔ عامر کریم خان نے یہی کیا اور وزیراعلیٰ نے ان کے منصوبوں کی منظوری دے کر اس تبدیلی کی بنیاد رکھ دی جو ایک عرصے سے اس شہر کی ضرورت بھی تھی اور حق بھی۔

استحکام کی تلاش میں!

کوئی راستہ موجود نہیں، جو کہ کسی بھی جمہوریت کی روح ہوتی ہے۔ سیاست اور معیشت ایک ہی گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ پاکستان اس وقت سنگین معاشی بحران اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) قرضوں پر سانس لے رہا ہے، لیکن معاشی استحکام کی سب سے پہلی شرط سیاسی استحکام ہے۔ کوئی بھی غیر ملکی سرمایہ کار یا ملکی تاجر ایسے ملک میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتا جہاں حکومت کی بقاء ؁ روزانہ کے حساب سے ناپی جاتی ہو، جہاں قوانین راتوں رات بدل جاتے ہوں اور جہاں احتجاج اور ہڑتالوں کا خدشہ مسلسل موجود رہے۔ سیاسی کشمکش کی قیمت عام پاکستانی مہنگائی، بے روزگاری، بجلی و گیس کے بھاری بلوں کی صورت میں ادا کر رہا ہے۔ آج کی سیاسی جنگ صرف پارلیمنٹ یا گراؤنڈ پر نہیں لڑی جا رہی، بلکہ اس کا ایک بڑا میدان سوشل میڈیا ہے۔ ایک طرف بیانیے پر قابو پانے کی سرکاری کوششیں ہیں تو دوسری طرف نوجوانوں کا وہ طبقہ ہے جو روایت سے ہٹ کر اپوزیشن اور ڈیجیٹل ذرائع پر بھروسہ کرتا ہے۔ بیانیے کی اس جنگ نے معاشرے میں تقطیبی (Polarization) کو خطرناک حد تک بڑھا دیا ہے۔ اگر ان تمام عوامل کا مجموعی تجزیہ کیا جائے تو ہمارا نظام اِس وقت ایک ''سیاسی دلدل'' میں کھڑا ہے۔ ایک ایسی دلدل جہاں آگے بڑھنے کا کوئی واضح راستہ دکھائی نہیں دیتا اور نہ ہی پیچھے ہٹنے کی گنجائش ہے۔ جب تک تمام سیاسی فریق (حکومت، اپوزیشن) اور مقتدر حلقے ایک میز پر بیٹھ کر آئینی حدود و قیود کا تعین نہیں کریں گے، یہ دلدل گہری ہوتی جائے گی۔ پاکستان کو فوری طور پر ایک نئے ''میثاق جمہوریت'' یا ''میثاق معیشت'' کی ضرورت ہے، جس میں یہ طے کیا جائے کہ انتخابات شفاف ہوں گے، عدلیہ آزاد ہوگی اور تمام ادارے اپنے آئینی دائرے میں رہ کر کام کریں گے۔ جمہوریت کا مطلب صرف ووٹ ڈالنا نہیں بلکہ عوام کی رائے کا احترام کرنا ہے۔ جب تک عوام کے فیصلے کو کھلے دل سے قبول نہیں کیا جائے گا، سیاسی عدم استحکام کا جن بوتل سے باہر ہی رہے گا۔ پاکستان اِس وقت تاریخ کے اہم ترین موڑ پر کھڑا ہے۔ یہ مقام یا تو ہمیں ایک گہرے آئینی و معاشی بحران میں دھکیل دے گا یا پھر سیاسی قیادت کو یہ احساس دلائے گا کہ انا، انتقام اور اقتدار کی ہوس سے اوپر اُٹھ کر ملک کو بچانا ہوگا۔ اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لئے گئے تو سیاسی بے یقینی کی یہ آگ ہمیں جلاتی رہے گی۔

وہ پاکستان کا ''جرنیل سپاہی''

مجیب الرحمٰن شامی

بڑے بزنس مین تھے۔ تجارت کی اور صنعتکار بھی بنے۔ کروڑوں کیا اربوں کمائے ہوں گے بلکہ کما رہے ہوں گے۔ اُن کے کئی بیٹے سلمان فاروق امریکہ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے واپس آئے بلکہ لائے گئے تو انہوں نے کاروبار سنبھال لیا۔ میاں صاحب نے اپنے آپ کو پاکستان کے نظریے کی ترویج و تبلیغ کے لئے وقف کر دیا۔ ان کی نگرانی میں ان کے فرزند ارجمند کی نظریاتی تعلیم و تربیت بھی ہوتی گئی اور اب ماشاء ؁ اللہ وہ بھی اپنے والد کے فکر و عمل کی تصویر ہیں۔ میاں صاحب تحریک پاکستان ورکرز ٹرسٹ کے چیئرمین تھے اور تحریک کے کارکنان کے متعلقین اور متوسلین کی خبر گیری میں مصروف رہتے تھے۔ ادارہ نظریہ پاکستان کی باگ ڈور بھی انہی کے ہاتھوں میں تھی۔ انہی کے زیر اہتمام ایوانِ قائداعظم کی تعمیر و تزئین کا کام مکمل ہوا اور پاکستان کی فکری اور نظریاتی اساس کی ترویج و اشاعت کا سلسلہ جاری ہے۔ طلبہ و طالبات کیلئے تربیتی کورس منعقد ہوتے ہیں۔ تحریک پاکستان کے حوالے سے اجتماعات کا اہتمام ہوتا ہے، ہزاروں نوجوان یہاں سے تربیت حاصل کر کے پاکستان کے نظریاتی استحکام میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ادارہ نظریہ پاکستان کی بانی چیئرمین مجید نظامی تھے، اس کے بعد یہ ذمہ داری سابق صدر پاکستان جسٹس محمد رفیق تارڑ نے اٹھائی، وہ بھی راہی ءِ ملکِ عدم ہوئے تو یہ امانت جسٹس اجگاز نثار کے سپرد ہوئی۔ جسٹس صاحب کی صحت زیادہ سرگرمی کی اجازت نہیں دیتی، ان کے سائے میں میاں فاروق الطاف نے ادارے کا نظم و نسق سنبھالے رکھا اور اس کے پُرخلوص کارکنوں کے ذریعے اِسے فعال سے فعال تر بنایا۔ گذشتہ کچھ عرصے سے میاں صاحب گردوں کے مرض میں مبتلا تھے، ڈائلیسز شروع تھا، ان کے ہونہار بیٹے نے گھر ہی پر مشین نصب کروالی تھی۔ میاں صاحب کمزور تو لگ رہے تھے، لیکن ان کا حوصلہ جوان تھا۔ نیو آزادی کی تقریب میں بھرپور شرکت کی، گفتگو بھی فرمائی۔ اُمید تو یہی تھی کہ مرض پر قابو پائے رکھیں گے لیکن کسی وائرس کا حملہ ایسا ہوا کہ سانس کی تکلیف ہوئی، ہسپتال پہنچے اور چند ہی روز میں اپنے بلند مرتبت رفقاء ؔ سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے حضور طلب کر لیا تھا۔ میاں فاروق نے کم و بیش دو دہائیاں اِسی شہر لاہور میں گذاریں۔ یہیں آنکھ کھولی تھی، یہیں تعلیم حاصل کی، یہیں پاکستان زندہ باد کے نعروں سے آشنائی ہوئی اور یہی نعرے لگاتے لگاتے یہیں سے رخصت ہو گئے۔ وہ پاکستان کے سپاہی تھے اور عمر بھر سپاہی رہے۔ جنرل بننے کا شوق کبھی نہیں پالا، مناصب کے پیچھے بھاگے، نہ جاہ و جلال کی تمنا کی، اپنے حصے کا کام کرتے چلے گئے اور یہی کام انہیں ممتاز سے ممتاز تر کرتا چلا گیا۔ جرنیلوں میں انہیں سیاسی سمجھا جاتا اور سیاسی انہیں جرنیل قرار دیتے۔ سپاہیوں کی تعداد بہت زیادہ تھی، اس لئے ان کی جرنیلی کا تاثر بھی زیادہ تھا۔ اُن کی طرح کمانے والے تو کئی ہیں لیکن خرچ کرنے والے کئی نہیں ہیں۔ وہ لاہور کی نواحی بستی باغبانپورہ کے آرائیں خاندان سے تعلق رکھتے تھے، سرمد شفیق سے لیکر میاں افتخار الدین تک اور بیگم جہاں آراء ؔ شاہنواز سے لے کر میاں بشیر احمد تک اس خاندان کے افراد نے قومی زندگی میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ہر ایک کی اپنی کنٹری بیوشن ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہی میں میاں فاروق الطاف نمایاں ہوئے، ان کے دادا ڈاکٹر تھے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کے اولین فارغ التحصیل نوجوانوں میں سے ایک، لیکن جوانی ہی میں انتقال کر گئے۔ والد نے سرکاری ملازمت شروع کی، لیکن پھر کاشت کاری کی طرف متوجہ ہو گئے۔ میاں فاروق نے تعلیم مکمل کی، تو دس ہزار روپے اپنے والد سے اُدھار لے کر کاروبار کا آغاز کیا، چھ سات عشرے پہلے یہ بہت بڑی رقم تھی۔ اِس کے بعد پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ تحریک پاکستان کے دوران ''بچہ مسلم لیگ'' میں سرگرم رہے تھے، قیام پاکستان کے بعد بھی مسلم لیگ سے تعلق نہیں ٹوٹا۔ میاں ممتاز محمد خان دولتانہ، چودھری محمد حسین چٹھہ، سردار سکندر حیات، خواجہ محمد صفدر، زاہد سرفراز اور اقبال احمد خان کے ساتھ گاڑھی چھنتی رہی۔ محترمہ فاطمہ جناح ؟ صدارتی امیدوار بنیں تو ان کی انتخابی مہم میں دل و جان سے شریک ہوئے۔ سیاست کو انہوں نے اوڑھنا بچھونا نہیں بنایا، کاروبار کو سنبھالے رکھا اور بالآخر ادارہ نظریہ پاکستان کے ساتھ جڑ گئے تھے، قریب قریب قوم میں لگ گئے، نوجوانوں کی نظریاتی تعلیم و تربیت ان کی زندگی کا مقصد بن گیا۔ اِس دوران لاہور میں کئی بستیوں کی تعمیر میں بھی کردار ادا کیا۔ ممتاز بیکار منظور صاحب جنہیں بابائے کوآپریٹو کہا جاتا ہے، کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بنیاد رکھنے میں کامیاب ہوئے تو انہوں نے میاں فاروق کو بھی شریک سفر کر لیا۔ بعد ازاں سلمان فاروق ان کی بیٹی مریم سے بیاہے گئے۔ منظور صاحب اور فاروق صاحب سمدھی بن کر ایک دوسرے کے ساتھ جڑ گئے۔ میاں صاحب کے انتقال کی خبر سنتے ہی منظور صاحب نے سوشل میڈیا پر ان کے ساتھ تعلق کی کہانی سنا ڈالی: ''کنال ویو، ویلیشیا اور ازمیر لاہور کی قابل اعتماد کو آپریٹو سوسائٹیز کے میرے آخری ساتھی یعنی کہ فاؤنڈر Founder-Co آج دنیا سے رخصت کر گئے۔ میاں فاروق الطاف 1974ء ؁ سے میرے دوست تھے۔ ان دنوں میں یو ایل لاہور کا ایریا منیجر تھا اور میاں فاروق الطاف بینک کے وی آئی پی کلائنٹ تھے۔ مال روڈ کمرشل بلڈنگ کے اپر فلور پر میاں صاحب کا کمپنی آفس تھا۔ جب یو ایل ایل کے ابتدائی سرمائے سے میں نے کنال ویو کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی بنانے کا منصوبہ بنایا تو فینگلے کمپنی میں میاں فاروق الطاف نمایاں تھے۔ کینال ویو لاہور کی پہلی منظم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی تھی جو کمرشل ڈویلپر نے ذاتی منافع کے لئے نہیں بنائی تھی۔ ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی لاہور برطانوی دور میں 1920ء ؁ میں تعمیر ہوئی تھی۔ کنال ویو پاکستانی پنجاب میں پہلی کوآپریٹو ہاؤسنگ تھی جو ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئی۔ 1979ء ؁ میں مجھے سعودی بینک میں سینئر پوزیشن میں ملازمت مل گئی۔ جدہ ہی میں 1987ء ؁ میں پاکستان ایکس پیٹریٹس کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی کاغذی بنیاد پڑی۔ اتفاق سے اسی سال مجھے زیادہ بہتر پوزیشن کے ساتھ متحدہ عرب امارات کے بینک میں جاب کی آفر آگئی۔ اس بینک کے پریذیڈنٹ سلطان محمد خان صاحب تھے جو یو ایل کے زمانے میں میرے باس رہے تھے۔ میری کارکردگی پسند کرتے تھے۔ مشرق بینک کے چیئرمین عبدالله الفرید تھے۔ انہیں جب سلطان صاحب نے بتایا کہ کینال ویو میں نے بنائی ہے تو عبداللہ صاحب نے مجھے پاکستان میں اعلیٰ پیمانے پر خوبصورت ہاؤسنگ پروجیکٹس بنانے کیلئے کہا۔ ان ہاؤسنگ پروجیکٹس کیلئے سو فیصد سرمایہ الفرید فیملی کا تھا۔ یہاں دوبارہ میاں فاروق الطاف کی مشاورت میرے لئے مشعلِ راہ بنی۔ ان کی سیاسی سمجھا جاتا اور سیاسی انہیں جرنیل قرار دیتے۔ سپاہیوں کی تعداد بہت زیادہ تھی، اس لئے ان کی جرنیلی کا تاثر بھی زیادہ تھا۔ اُن کی طرح کمانے والے تو کئی ہیں لیکن خرچ کرنے والے کئی نہیں ہیں۔ وہ لاہور کی نواحی بستی باغبانپورہ کے آرائیں خاندان سے تعلق رکھتے تھے، سرمد شفیق سے لیکر میاں افتخار الدین تک اور بیگم جہاں آراء ؔ شاہنواز سے لے کر میاں بشیر احمد تک اس خاندان کے افراد نے قومی زندگی میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ہر ایک کی اپنی کنٹری بیوشن ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہی میں میاں فاروق الطاف نمایاں ہوئے، ان کے دادا ڈاکٹر تھے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کے اولین فارغ التحصیل نوجوانوں میں سے ایک، لیکن جوانی ہی میں انتقال کر گئے۔ والد نے سرکاری ملازمت شروع کی، لیکن پھر کاشت کاری کی طرف متوجہ ہو گئے۔ میاں فاروق نے تعلیم مکمل کی، تو دس ہزار روپے اپنے والد سے اُدھار لے کر کاروبار کا آغاز کیا، چھ سات عشرے پہلے یہ بہت بڑی رقم تھی۔ اِس کے بعد پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ تحریک پاکستان کے دوران ''بچہ مسلم لیگ'' میں سرگرم رہے تھے، قیام پاکستان کے بعد بھی مسلم لیگ سے تعلق نہیں ٹوٹا۔ میاں ممتاز محمد خان دولتانہ، چودھری محمد حسین چٹھہ، سردار سکندر حیات، خواجہ محمد صفدر، زاہد سرفراز اور اقبال احمد خان کے ساتھ گاڑھی چھنتی رہی۔ محترمہ فاطمہ جناح ؟ صدارتی امیدوار بنیں تو ان کی انتخابی مہم میں دل و جان سے شریک ہوئے۔ سیاست کو انہوں نے اوڑھنا بچھونا نہیں بنایا، کاروبار کو سنبھالے رکھا اور بالآخر ادارہ نظریہ پاکستان کے ساتھ جڑ گئے تھے، قریب قریب قوم میں لگ گئے، نوجوانوں کی نظریاتی تعلیم و تربیت ان کی زندگی کا مقصد بن گیا۔ اِس دوران لاہور میں کئی بستیوں کی تعمیر میں بھی کردار ادا کیا۔ ممتاز بیکار منظور صاحب جنہیں بابائے کوآپریٹو کہا جاتا ہے، کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بنیاد رکھنے میں کامیاب ہوئے تو انہوں نے میاں فاروق کو بھی شریک سفر کر لیا۔ بعد ازاں سلمان فاروق ان کی بیٹی مریم سے بیاہے گئے۔ منظور صاحب اور فاروق صاحب سمدھی بن کر ایک دوسرے کے ساتھ جڑ گئے۔ میاں صاحب کے انتقال کی خبر سنتے ہی منظور صاحب نے سوشل میڈیا پر ان کے ساتھ تعلق کی کہانی سنا ڈالی: ''کنال ویو، ویلیشیا اور ازمیر لاہور کی قابل اعتماد کو آپریٹو سوسائٹیز کے میرے آخری ساتھی یعنی کہ فاؤنڈر Founder-Co آج دنیا سے رخصت کر گئے۔ میاں فاروق الطاف 1974ء ؁ سے میرے دوست تھے۔ ان دنوں میں یو ایل لاہور کا ایریا منیجر تھا اور میاں فاروق الطاف بینک کے وی آئی پی کلائنٹ تھے۔ مال روڈ کمرشل بلڈنگ کے اپر فلور پر میاں صاحب کا کمپنی آفس تھا۔ جب یو ایل ایل کے ابتدائی سرمائے سے میں نے کنال ویو کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی بنانے کا منصوبہ بنایا تو فینگلے کمپنی میں میاں فاروق الطاف نمایاں تھے۔ کینال ویو لاہور کی پہلی منظم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی تھی جو کمرشل ڈویلپر نے ذاتی منافع کے لئے نہیں بنائی تھی۔ ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی لاہور برطانوی دور میں 1920ء ؁ میں تعمیر ہوئی تھی۔ کنال ویو پاکستانی پنجاب میں پہلی کوآپریٹو ہاؤسنگ تھی جو ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئی۔ 1979ء ؁ میں مجھے سعودی بینک میں سینئر پوزیشن میں ملازمت مل گئی۔ جدہ ہی میں 1987ء ؁ میں پاکستان ایکس پیٹریٹس کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی کاغذی بنیاد پڑی۔ اتفاق سے اسی سال مجھے زیادہ بہتر پوزیشن کے ساتھ متحدہ عرب امارات کے بینک میں جاب کی آفر آگئی۔ اس بینک کے پریذیڈنٹ سلطان محمد خان صاحب تھے جو یو ایل کے زمانے میں میرے باس رہے تھے۔ میری کارکردگی پسند کرتے تھے۔ مشرق بینک کے چیئرمین عبدالله الفرید تھے۔ انہیں جب سلطان صاحب نے بتایا کہ کینال ویو میں نے بنائی ہے تو عبداللہ صاحب نے مجھے پاکستان میں اعلیٰ پیمانے پر خوبصورت ہاؤسنگ پروجیکٹس بنانے کیلئے کہا۔ ان ہاؤسنگ پروج

پیپلز پارٹی انتظامی یونٹس سیاست کر رہی ہے، طلال چوہدری

بلاول جمہوریت کے چیمپئن بنتے ہیں، آپ کی گورننس نے سندھ کے لوگوں کا خون نچوڑ لیا پاکستان میں 70 فیصد حکمرانی پیپلز پارٹی کی ہے

عمران خان کے وکلا جانتے ہیں وہ دلائل کی بنیاد پر کرپشن کے مقدمات نہیں جیت سکتے، اسی لئے عدالتوں میں مختلف حیلے بہانے اختیار کیے جاتے ہیں، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (اے این این) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی انتظامی یونٹس پر سیاست کر رہی ہے۔ پاکستان میں 70 فیصد حکمرانی پیپلز پارٹی کی ہے، اتنی زیادہ حکومت ہونے کے باوجود یہ کیسے لاتعلقی کا اظہار کر سکتے ہیں۔ بدھ کو اسلام آباد میں پریس کانفرنس کے دوران طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا بھگت رہے ہیں اور عدالتوں میں ان کے وکلا دلائل دینے کے بجائے تاخیری حربے استعمال کر رہے ہیں۔ طلال چوہدری نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہونے والی حالیہ سماعت کا ذکر کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ عمران خان کے وکلا طویل تقاریر اور مختلف قانونی نکات کو بنیاد بنا کر مقدمات کی کارروائی آگے بڑھنے سے روکنے کی کوشش کرتے ہیں۔ طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ عمران خان کے وکلا جانتے ہیں کہ وہ دلائل کی بنیاد پر کرپشن کے مقدمات نہیں جیت سکتے، اسی لیے عدالتوں میں مختلف حیلے بہانے اختیار کیے جاتے ہیں۔ وزیر مملکت نے اپنے بیان میں پاکستان پیپلز پارٹی کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ ملک میں تین صوبوں کے سربراہان کا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے، گلگت بلتستان میں بھی اسی جماعت کی حکومت ہے جبکہ چیئرمین سینیٹ بھی پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے صدر پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ بھی بلاول کے والد محترم ہیں۔ طلال چوہدری نے سوال اٹھایا کہ اتنے اہم حکومتی عہدوں پر پیپلز پارٹی کے نمائندے موجود ہونے کے باوجود جماعت حکومتی معاملات سے لاتعلقی کا اظہار کیسے کر سکتی ہے۔ انہوں نے نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے

بلوچستان اور سابقہ فاٹا کے طلبا کے لیے انڈر گریجویٹ اسکالرشپ کا اعلان

اسلام آباد (اے این این) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے بلوچستان اور سابقہ فاٹا کے طلبا کیلئے انڈر گریجویٹ اسکالرشپ کا اعلان کر دیا۔ تعلیمی سال 2026-27 کے لئے ملک بھر کی ایچ ای سی تسلیم شدہ سرکاری و نجی جامعات میں تمام مضامین کے لیے درخواستیں طلب کر لی گئیں۔ درخواست گزار کی عمر آخری تاریخ تک زیادہ سے زیادہ 22 سال اور انٹرمیڈیٹ میں کم از کم 60 فیصد نمبر لازمی قرار دیئے گئے ہیں، امیدوار اور والد کا بلوچستان یا سابقہ فاٹا کا مستند ڈومیسائل یا لوکل سرٹیفکیٹ ہونا لازمی شرط ہے۔ ایچ ای سی کی جانب سے جاری کئے گئے اعلامیہ کے مطابق سکالرشپ کے تحت 1,000 نشستیں مختص کی گئی ہیں

امیرِ جماعت اسلامی کا جمعے کو شوگر ملز کے باہر دھرنے کا اعلان

ملک میں زراعت کی صورتِ حال انتہائی خراب ہے، مرکزی امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ہماری جماعت جمعے کو شوگر ملز کے باہر دھرنے دے گی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک میں زراعت کی صورت حال انتہائی خراب ہے، گنے کی کرشنگ تاحال شروع نہیں ہوئی جبکہ کسان مہنگے زرعی مداخل کے باعث پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تاہم گنے کی قیمت 700 روپے فی من مقرر کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر فصلوں کی صورت حال بھی خراب ہے اور زراعت کا شعبہ مسلسل تنزلی کی جانب گامزن ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ ملک میں زراعت کی صورت حال انتہائی خراب ہے، گنے کی کرشنگ تاحال شروع نہیں ہوئی جبکہ کسان مہنگے زرعی مداخل کے باعث پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تاہم گنے کی قیمت 700 روپے فی من مقرر کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر فصلوں کی صورتِ حال بھی خراب ہے اور زراعت کا شعبہ مسلسل تنزلی کی جانب گامزن ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ ملک میں زراعت کی صورتِ



کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان (KPI,s) کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کے فری لانسرز عالمی ڈیجیٹل خدمات کی منڈی میں اپنی موجودگی بڑھا رہے ہیں، خرم شہزاد

رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران فری لانسرز کی مجموعی برآمدی آمدن 76 کروڑ ڈالر ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کے فری لانسرز عالمی ڈیجیٹل خدمات کی منڈی میں اپنی موجودگی بڑھا رہے ہیں، خدمات کی برآمد میں اضافہ، ملک میں زرمبادلہ کی آمد اور نوجوانوں کے لیے روزگار و معاشی مواقع پیدا کرنے میں مدد مل رہی ہے۔ بدھ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے فری لانسرز کی برآمدی آمدن اکتوبر 2026 میں تاریخ کی بلند ترین ماہانہ سطح 21 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی جو گزشتہ سال اکتوبر کے مقابلے میں 53 فیصد زیادہ ہے۔ رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران فری لانسرز کی مجموعی برآمدی آمدن 76 کروڑ ڈالر ریکارڈ کی گئی جس میں سالانہ بنیاد پر 47 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران پاکستانی فری لانسرز نے 51 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی برآمدی آمدن حاصل کی تھی جو رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ میں بڑھ کر 76 کروڑ ڈالر ہوگئی۔ مالی سال 26-2025 کے دوران پاکستانی

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سردی کی لہر برقرار

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ شمالی اضلاع میں سردی کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ صوبے کے مختلف شہروں میں کم سے کم درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا ہے جس کے مطابق کوئٹہ اور زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 1، قلات میں 3، اور ژوب میں 9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق چمن میں درجہ حرارت 6 ڈگری سینٹی گریڈ

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، ایئرپورٹ پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

غیر قانونی اسلحہ رکھنے والا ایک اور ملزم بھی حراست میں، ڈی آئی جی اور ایس ایس پی آپریشنز کی ہدایت پر کارروائیاں جاری

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاالحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات، اور ایس پی صدر شفقت امیر جنجوعہ و ڈی ایس پی عبدالرب کاکڑ کی نگرانی میں ایئرپورٹ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث گینگ کو دبوچ لیا ہے۔ ایس ایچ او ایئرپورٹ امین جعفر نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تین ملزمان شفیع اللہ، بلال اور بسم اللہ کو گرفتار کر لیا، جن کی نشاندہی پر پولیس نے مختلف مقامات سے 7 چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں۔ دریں اثنا، ایئرپورٹ پولیس نے ایک اور علیحدہ کارروائی کے دوران غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزم محمد حسین کو بھی گرفتار کر کے اس کے قبضے سے اسلحہ برآمد کر لیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ شہر میں امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے اس طرح کی بلا امتیاز کارروائیاں بلا تعطل جاری رکھی جائیں گی۔ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شو

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

رحمان گل قرآن پاک پر پاکستان سے وفاداری کا حلف نہ نبھا سکے، ضیاء لانگو

ہماری مثال ہے کہ اگر کسی کے گھر سے ایک گلاس پانی بھی پی لیا جائے تو اس کے ساتھ سو سال تک وفا کی جاتی ہے

پاک فوج کا نمک کھانے والے پاکستان کے وفادار نہ بن سکے بلوچ قوم سے کیا وفا کریں گے؟ صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی کارروائیوں کو رندگی سمجھتا ہوں، یہ انسان نہیں بلکہ جانور ہیں۔ دہشت گردوں کے کمانڈروں کی تبدیلی کے حوالے سے میری کوئی دلچسپی نہیں، کیونکہ دہشت گردوں کی کوئی باقاعدہ تنظیم نہیں بلکہ مختلف گروہ ہیں۔ اپنی خصوصی گفتگو میں میر ضیاء اللہ لانگو نے رحمان گل کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جس شخص نے قرآن پاک پر ہاتھ رکھ کر پاکستان سے وفاداری کا حلف اٹھایا لیکن اس حلف کا پاس نہ رکھ سکا، وہ بلوچ قوم سے کیا وفا کرے گا؟ انہوں نے کہا کہ بلوچ روایات میں وفاداری کو بہت اہمیت حاصل ہے، ہماری مثال ہے کہ اگر کسی کے گھر سے ایک گلاس پانی بھی پی لیا جائے تو اس کے ساتھ سو سال تک وفا کی جاتی ہے۔ صوبائی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ پاک فوج کا نمک کھانے والا اگر پاکستان کا وفادار نہ ہو سکا تو بلوچستان کے ساتھ کیا وفا کرے گا؟ انہوں نے

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، نارکوٹکس کنٹرول کی کارروائی 33 ایکڑ بھنگ کی فصل تلف

منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خلاف آپریشن، 33 ایکڑ اراضی کلیئر کر دی گئی

پشین (خ ن) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، نارکو ٹکس کنٹرول نے منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خاتمے کے لیے پشین میں بھرپور اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 33 ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی بھنگ (چرس) کی فصل تلف کر دی۔ محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ حکومت کی منشیات کے خاتمے کی پالیسی پر عمل درآمد کرتے ہوئے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، نارکوٹکس کنٹرول نے ضلعی انتظامیہ پشین کے تعاون سے تحصیل پشین کے مختلف علاقوں میں منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خلاف مشترکہ آپریشن کیا۔ کارروائی اسسٹنٹ کمشنر پشین کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی، جس میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نارکوٹکس، ضلعی انتظامیہ، انٹیلی جنس بیورو، ڈسٹرکٹ پولیس اور سی آئی اے پشین کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ آپریشن کے دوران علاقے تورہ شاہ میں تقریباً 8 ایکڑ جبکہ دمان جگدا میں تقریباً 25 ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی بھنگ کی فصل مکمل طور پر تلف کر دیا گیا۔ اس طرح مجموعی طور پر تقریباً 33 ایکڑ اراضی کو منشیات کی غیر قانونی کاشت سے پاک کر دیا

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایرانی پٹرول ہزاروں خاندانوں کا ذریعہ معاش ہے، میر زبیر لانگو

سرکاری نوکری کے حصول میں ناکام سینکڑوں پڑھے لکھے نوجوان بھی اس روزگار سے منسلک ہو چکے ہیں، صدر یونین

کوئٹہ (اے این این) آل بلوچستان بے روزگار یونین کے مرکزی صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاہوانی اور دیگر عہدیداروں نے کہا ہے کہ ایرانی پٹرول ہزاروں بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار اور باعزت ذریعہ معاش کی حیثیت رکھتا ہے، جس سے نہ صرف نوجوان بلکہ ہزاروں خاندانوں کا چولہا جل رہا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ اس کاروبار سے منسلک افراد کے مسائل کو سنجیدگی سے سمجھتے ہوئے انہیں سہولیات فراہم کرے تاکہ ان کے روزگار کو تحفظ حاصل ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلے ہی بے روزگاری کی شرح تشویشناک حد تک بڑھ چکی ہے، سرکاری سطح پر روزگار کے مواقع محدود ہیں جبکہ نجی شعبے میں بھی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مناسب مواقع موجود نہیں۔ ایسے حالات میں ایرانی پٹرول کا کاروبار ہزاروں نوجوانوں کے لیے معاشی سہارا بنا ہوا ہے۔ اگر اس کاروبار سے وابستہ افراد کو مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا تو اس کے اثرات براہ راست ہزاروں خاندانوں کی معاشی زندگی پر مرتب

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

پٹرولیم قیمتوں میں روزانہ اتار چڑھاؤ قوم کے ساتھ مذاق ہے، ظاہر شاہ کاکڑ

فی لیٹر 80 روپے پٹرولیم لیوی عوام اور ٹرانسپورٹرز پر ظلم کے مترادف ہے، وزیر خان کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان بس یونین اور پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، مرکزی جنرل سیکرٹری وزیر خان کاکڑ، نائب صدر اقبال سرگڑھ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حبیب اللہ اور نائب صدر عبدالتین نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اتار چڑھاؤ کو قوم کے ساتھ مذاق اور فی لیٹر 80 روپے پٹرولیم لیوی عائد کرنے کو عوام اور ٹرانسپورٹرز کے ساتھ سراسر ظلم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل تبدیلی نے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، جس کے باعث ٹرانسپورٹرز اپنے کاروباری معاملات اور کرایوں کا تعین کرنے سے قاصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے سے نہ صرف ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ اس کے براہ راست اثرات عام شہریوں، مسافروں، مزدوروں اور غریب طبقے پر پڑتے ہیں۔ پہلے ہی مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ رکھی ہے، ایسے میں فی لیٹر 80

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

یوسف رضا گیلانی سیوودی چلڈرن کانفرنس

میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بچوں میں سرمایہ کاری سے متعلق سیوودی چلڈرن کی اہم کانفرنس میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بچوں کے حقوق، فلاح و بہبود، تعلیم اور تحفظ سے متعلق سیوودی چلڈرن کے زیر اہتمام اہم کانفرنس ''پالیسی سے بجٹ تک: بچوں میں سرمایہ کاری کے حوالے سے حکومتی تجربات'' میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے۔ کانفرنس کا مقصد بچوں کی فلاح و

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

نئے انتظامی یونٹس کے معاملے پر عوامی رائے پر انحصار ہے، عطا تارڑ

پیپلز پارٹی صوبوں کیخلاف ہے تو جنوبی پنجاب، سرائیکی صوبے کی قرارداد منظور کیوں کی؟ ایک پارٹی کے چیئرمین کے کہنے سے صوبوں کی بحث نہیں رکے گی

بلاول بھٹو نے جذباتی تقریر کی، تضادات تھے، ہم عوام سے ہیں، عوام ہم سے نہیں، نواز شریف کا صوبوں پر موقف آجائے گا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ اگر سمجھتے ہیں کوئی سیاسی قیدی ہے تو قانونی ثبوت بھی سامنے لائے، 190 ملین پاؤنڈ اور توشہ خانہ کیس میں کیا ستقم ہے؟ بلاول بھٹو کے کہنے سے فرق نہیں پڑتا کہ کوئی سیاسی قیدی ہے، نیب کے قانون میں ترمیم کی، خود تنقید بھی کر رہے ہیں، بلاول بھٹو نے جذباتی تقریر کی، تضادات تھے، ہم عوام سے ہیں، عوام ہم سے نہیں، ریفرنڈم کرا کے عوام کی رائے لینے میں کیا حرج ہے؟ کیا آئین پیپلز پارٹی کی حکومت میں نہیں بنا تھا؟۔ ایک انٹرویو میں عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی حکومت کا حصہ ہے، ہماری اتحادی ہے، ایک ریفرنڈم ٹھیک نہیں ہوا تو نئے ریفرنڈم کو روکنا سیاسی غیر سنجیدگی ہے، ایک پارٹی کے چیئرمین کے کہنے سے صوبوں کی بحث نہیں

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، انٹرنل آڈٹ یونٹ کے افسران اور اہلکاروں کے ٹریننگ کا جائزہ لے رہے ہیں

کوریا کے ساتھ مل کر کسانوں کی تقدیر بدل دیں گے: چیئرمین ڈاکٹر مرتضیٰ حسن اندرابی

زرعی تحقیق اور ٹیکنالوجی میں انقلابی تعاون، پاکستان اور کوریا کے درمیان تعاون زرعی تحقیق، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور کسانوں کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اجلاس میں آلو کے تصدیق شدہ بیج کی پیداوار، چارے کے بہتر نظام اور مویشیوں کی نسل میں بہتری کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ پروگرام کے تحت اب تک تقریباً 1.47 ملین جی زیرو بیج کے ٹیوبر تیار کیے جا چکے ہیں، جبکہ 3 ہزار 253 نمونوں کے 16 ہزار سے زائد ٹیسٹ مکمل کیے گئے۔ چارے کے منصوبے کے

اسلام آباد (اطلاع عام رپورٹ) پاکستان اور کوریا کے درمیان زرعی تعاون نئی بلندیوں پر پہنچ گیا، کسانوں کی خوشحالی کیلئے مشترکہ منصوبوں پر بڑی پیش رفت ہوئی۔ پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (پی اے آر سی) اور کوریا پارٹنرشپ فار انوویشن آف ایگریکلچر (کوپیا) کے تعاون سے 11 ویں پراجیکٹ پلاننگ اینڈ اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (این اے آر سی) اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی نے کی۔ انہوں نے کہا کہ

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

مرمت کے سلسلے میں کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبے نصب کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 19 نومبر کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv راولپنڈی (اے این این) پاک فوج نے فتح 3 سپر سونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ کر لیا، جسے ملکی دفاعی صلاحیتوں میں ایک اہم سنگِ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فتح 3 میزائل جدید نیویگیشن اور پروپلشن سسٹمز سے لیس ہے، جو سپر سونک رفتار سے طویل فاصلے پر اہداف کو انتہائی درستگی اور مؤثر انداز میں نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 3 میزائل راکٹ فورس کمانڈ کی آپریشنل صلاحیتوں اور اہداف کو نشانہ بنانے کی رسائی میں نمایاں اضافہ کرے گا، جس سے پاکستان کی روایتی دفاعی صلاحیت اور دفاعی حکمت عملی مزید مضبوط ہوگی۔ میزائل کا کامیاب تجربہ کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ، پاکستان کی مسلح افواج کے سینئر افسران، سائنسدانوں اور انجینئرز نے دیکھا۔ صدر مملکت، وزیر اعظم، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز اور مسلح افواج کے

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایل این جی کے 2 کارگوز کیلئے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 30 نومبر تک توسیع

اسلام آباد (اے این این) سردیوں میں گیس کی قلت پر قابو پانے کیلئے ایل این جی کے 2 کارگوز کیلئے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 30 نومبر تک توسیع کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ایک

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

بچوں کے استحصال میں ملوث افراد کیلئے نیا ایکٹ لائیں گے، مریم نواز

لاہور (اے این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ بچوں اور خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے سپیڈی کورٹس قائم کی جا رہی ہیں،

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان آرمی کا فتح 3 سپر سونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

فتح 3 میزائل جدید نیویگیشن اور پروپلشن سسٹمز سے لیس، جو سپر سونک رفتار سے طویل فاصلے پر اہداف کو انتہائی درستگی اور مؤثر انداز میں نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

صدر مملکت، وزیر اعظم، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز اور مسلح افواج کے سربراہان کی فتح 3 میزائل کے کامیاب تجربے پر مبارک باد

سبی و گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو روٹی 40 روپے ٹماٹر 200 روپے کلو فروخت

مہنگائی کے خلاف شہر بھر کوئی کارروائی کرنے کو تیار نہیں عوم کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا سلسلہ جاری

سبی (اے این این) سبی و گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو روٹی 40 روپے ٹماٹر 200 روپے کلو پیاز، لہسن بھی غریب کی پہنچ سے دور . دوکانداروں سے خریداروں کی بحث و تکرار معمول بن گیا گرانفروشی اور مہنگے داموں اشیاء کی فروخت کے بارے میں کوئی پوچھنے والا نہیں' تفصیلات کے مطابق سبی و گردونواح میں پھلوں، سبزیوں کے ساتھ ساتھ روز مرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کر دیا گیا ٹماٹر 200 روپے میں فروخت ہونے لگے لہسن، پیاز کی بھی اونچی اڑان کے علاوہ روٹی 40 روپے فی حد فروخت ہونے لگی۔ گورنمنٹ غریب عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام شہریوں کا کہنا ہے کہ جب حکومت پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کرتی ہے کئی گنا قیمتوں میں اضافہ کر دیا جاتا ہے مگر جب حکومت پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں واضح کمی کرتی ہے تو قیمتیں کم ہونے کا نام نہیں لیا جاتا سبزیوں پھلوں، گوشت اور دیگر اشیاء ضروریات زندگی کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ دیکھا گیا ہے۔ دوکانداروں کا کہنا ہے کہ یہ مہنگائی ہم نے

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 میں اسٹال کا معائنہ کر رہے ہیں

ریونیو ریکارڈ کی درستگی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر قلات

زرعی انکم ٹیکس کی وصولی شفاف اور مؤثر بنائی جائے، عائشہ زہری

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت ریونیو اسٹاف کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تحصیلدار قلات، تحصیلدار خالق آباد، محاسب، قانون گو قلات و خالق آباد اور دونوں تحصیلوں کے پٹواریوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، ریونیو ریکارڈ کی درستگی، درخواست گزاروں کو درپیش مسائل کے حل، سرکاری امور کی بروقت انجام دہی اور دیگر متعلقہ معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان ایک اہم رابطے کا ذریعہ ہے۔ ریونیو ریکارڈ کی درستگی، شفافیت اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ تمام ریونیو افسران اور اہلکار اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، محنت اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ انجام دیں اور سائلین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے عمل کو مؤثر اور شفاف بنایا جائے جبکہ ریونیو ریکارڈ کی بروقت تکمیل اور درستگی کو یقینی بنایا

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

ویسٹ بے گوادر میں ماہی گیروں کا شیڈ مکمل

بی ایس ڈی آئی کے تحت 49 لاکھ 91 ہزار روپے کی لاگت سے منصوبہ مکمل

گوادر (خ ن) بلوچستان انیشیل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت ویسٹ بے گوادر میں ماہی گیروں کی سہولت کے لیے شیڈ کی تعمیر کا ترقیاتی منصوبہ مکمل کر لیا گیا ہے۔ اس منصوبے پر 49 لاکھ 91 ہزار روپے لاگت آئی ہے محکمہ مواصلات و تعمیرات فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ، حکومت بلوچستان کی زیر نگرانی مکمل ہونے والے اس منصوبے کا مقصد ماہی گیروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا اور ان کے لیے مناسب سہولت گاہ کی فراہمی ہے یہ منصوبہ گوادر میں ماہی گیروں کی سہولیات میں بہتری اور مقامی ترقیاتی ضروریات کی تکمیل کی جانب ایک پیش رفت ہے۔ بلوچستان انیشیل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت ویسٹ بے گوادر میں ماہی گیروں کی سہولت کے لیے شیڈ کی تعمیر کا ترقیاتی منصوبہ مکمل کر لیا گیا ہے۔ اس منصوبے پر 49 لاکھ 91 ہزار روپے لاگت آئی ہے محکمہ مواصلات و تعمیرات فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ، حکومت بلوچستان کی زیر نگرانی مکمل ہونے والے اس منصوبے کا مقصد ماہی

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

وفاقی آئینی عدالت نے سوئی گیس کیس بلوچستان ہائی کورٹ کو واپس بھجوا دیا

سوئی گیس سے متعلق 3 جون 2024 کا عدالتی فیصلہ دوبارہ زیر سماعت آئے گا، سوئی سدرن گیس کمپنی کی درخواست پر مقدمے کا ازسرنو جائزہ لینے کا حکم

سوئی گیس کے اہم قانونی معاملے پر بلوچستان میں دوبارہ عدالتی کارروائی ہوگی، بلوچستان ہائی کورٹ کو سوئی گیس مقدمے کا فیصلہ 30 دن میں کرنیکی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں سوئی گیس سے متعلق اہم مقدمے میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں وفاقی آئینی عدالت نے بلوچستان ہائی کورٹ کے 3 جون 2024 کے اہم فیصلے سے متعلق کیس دوبارہ سماعت اور ازسرنو جائزے کے لیے بلوچستان ہائی کورٹ کو واپس بھجوا دیا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے اس معاملے پر 30 روز کے اندر دوبارہ فیصلہ صادر کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے، جس کے بعد بلوچستان میں سوئی گیس سے متعلق اس اہم قانونی معاملے پر ایک مرتبہ پھر عدالتی کارروائی شروع ہونے کی راہ ہموار ہوگئی ہے یو این اے کے مطابق سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے بلوچستان ہائی کورٹ کے مورخہ 3 جون 2024 کے فیصلے کو وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کیا گیا تھا، جس پر وفاقی آئینی عدالت نے معاملے کا جائزہ لینے کے بعد کیس کو دوبارہ سماعت اور فیصلے کے لیے بلوچستان ہائی کورٹ کو بھجوانے کا

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

تربت میں گھریلو پلٹ کی تار گر کر کرنٹ لگنے سے بچی جاں بحق، والد اور بھائی زخمی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع تربت کے واسطو بازار میں بجلی کا ایک گیارہ ہزار وولٹ کا تار اچانک ایک رہائشی گھر پر آ گرا جس کے نتیجے میں بچی جاں بحق ہوگئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق تربت کے علاقے واسطو بازار میں یہ خوفناک حادثہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں گھر میں موجود بچی کرنٹ لگنے سے جاں بحق جبکہ اس کا والد اور بھائی شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے کے فوراً بعد زخمی ہونے والے باپ اور بیٹے کو فوری طبی امداد کے

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 2 پر)

سی پیک بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 30 ہزار سے زائد افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کر رہا ہے، میر زبیر لانگو

سی پیک بلوچستان کے ترقی کا ضامن ہے، ڈپٹی کمشنر قلات

کوئٹہ (اے این این) آل بلوچستان بے روزگار یونین کے مرکزی صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاہوانی اور دیگر عہدیداروں نے کہا ہے کہ سی پیک بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 30 ہزار سے زائد افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کر رہا ہے، سی پیک بلوچستان کے ترقی کا ضامن ہے۔ ڈپٹی کمشنر قلات

سی پیک، عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر کا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ادائیگی پوائنٹ کا دورہ

امدادی رقوم کی ادائیگی میں غفلت یا تاخیر کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انتباہ جاری

سبی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر سبی کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سبی نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے ادائیگی پوائنٹ کا دورہ کیا، جس کا مقصد گزشتہ روز سامنے آنے والی عوامی شکایات کے حقائق معلوم کرنا اور مستحقین کو درپیش مسائل کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے نشاندہی کی کہ بعض مستحق خواتین کی جانب سے قسط کی ادائیگی میں غیر ضروری تاخیر کی شکایات موصول ہوئی ہیں، جبکہ پوائنٹ پر خواتین کے بیٹھنے کے لیے مناسب انتظار گاہ کی عدم دستیابی اور بائیو میٹرک مشینوں کی بار بار خرابی کے مسائل بھی سامنے آئے ہیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سبی نے متعلقہ ریٹیلر کو سختی سے ہدایت جاری کی کہ مشینری اور دیگر تکنیکی مسائل کو فوری طور پر حل کر کے ادائیگی کے عمل کو شفاف، آسان اور بلا تعطل بنایا جائے۔ انہوں نے واضح انتباہ دیا کہ مستحقین کی امدادی رقوم کی تقسیم میں غفلت یا تاخیر برتنے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ دوران اسسٹنٹ کمشنر نے نشاندہی کی کہ بعض مستحق

(بقیہ 53 اندرونی صفحہ 2 پر)



چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی 11 ویں کو پیا پراجیکٹ پلاننگ اینڈ اسٹیئرنگ کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، پاکستان اور کوریا کے زرعی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کو گداگری سے پاک کرنے کا فیصلہ

پیشہ ور گداگروں کے خلاف روزانہ کارروائی ہوگی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں گداگری کے خاتمے اور اس کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ، محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران اور پولیس کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ شہر کے مختلف سگنلز، چوراہوں اور دیگر اہم مقامات پر گداگری میں ملوث بچوں اور دیگر افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں مزید تیزی لائی جائیں گی۔ پیشہ ورانہ طور پر گداگری میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق جیل بھجوایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایت کی کہ شہر کے سگنلز، شاہراہوں اور مختلف علاقوں میں کسی بھی صورت گداگری کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور محکمہ سوشل ویلفیئر مشترکہ طور پر روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں کریں گے اور ان کارروائیوں کی باقاعدہ رپورٹ پیش کریں گے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ کوئٹہ شہر کو گداگری سے پاک کرنے

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 2 پر)

گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ نے کاروبار کا پہیہ جام کر دیا، طارق محمود

صورتحال فوری بہتر نہ ہوئی تو عوام کے ساتھ مل کر شدید احتجاج کی کال دی جائے گی، بیان

کوئٹہ (یو این اے) انٹرنیشنل متحدہ اتحاد عباسیہ کے سینئر رہنما حاجی طارق محمود عباسی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کا گٹھ جوڑ، کاروباری سرگرمیاں ٹھپ، شہری شدید پریشانی میں مبتلا بجلی اور گیس کے بدترین بحران نے کاروبار کا پہیہ جام کر دیا، عوام بلبلا اٹھے ہیں۔ سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی گیس اور بجلی غائب، گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑ گئے غیر اعلانیہ و ظالمانہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا ہے جس نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں سلیم عباسی ہاس میں منعقدہ ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس کے بع